# صوبائی اسمبلی پنجاب

# 2013-2018

## اسمبلی کی منظور کردہ قراردادوں کا مکمل متن

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 2 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی پُرزور مذمت کرتا ہے۔ پہلے زیارت میں بانی پاکستان قائداعظمؒ کی رہائش گاہ کو نشانہ بنایا گیا اور پھر کوئٹہ میں خواتین یونیورسٹی کی معصوم طالبات اور بولان میڈیکل کمپلیکس پر دہشت گردی کے بزدلانہ حملے کئے گئے۔ زیارت میں بانی پاکستان قائداعظمؒ کی رہائش گاہ پر حملے پر پوری قوم افسردہ اور صدمے کی کیفیت میں ہے۔ اس واقعے کے ذمہ داران کو کیفرِ کردار تک پہنچانا بہت ضروری ہے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کا سدباب کیا جاسکے۔ یہ ایوان وفاقی وصوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ زیارت ریذیڈنسی کو بہت جلد اس کی اصل حالت میں بحال کیا جائے۔ یہ ایوان کوئٹہ میں ہونے والے واقعات میں خواتین یونیورسٹی کی معصوم طالبات اور بولان میڈیکل کمپلیکس پر حملے میں کوئٹہ کے ڈپٹی کمشنر اور ڈاکٹروں اور نرسوں کی شہادت پر بھی انتہائی غمزدہ ہے۔ ان واقعات کے ذمہ داران کو قرارواقعی سزا دی جائے۔ یہ ایوان شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کرتا ہے۔ اس ایوان کی یہ رائے بھی ہے کہ بلوچستان کے معاملے پر تمام قومی اور علاقائی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جائے تاکہ بلوچستان میں کی جانے والی دہشت گردانہ سرگرمیوں کا مستقل حل تلاش کیا جاسکے۔" | 17۔جون2013 |
| 2. | 2 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان 22 اور 23جون 2013 کی درمیانی شب، گلگت بلتستان کے ضلع دیامر میں واقع نانگا پربت کے بیس کیمپ فیری میڈوز میں دہشت گردوں کے حملے اور اس میں ہلاک ہونے والے غیر ملکی سیاحوں کی ہلاکت کی پُرزور مذمت کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ یہ واقعہ پاکستان کو عالمی برادری میں بدنام اور تنہا کرنے کی مذموم سازش ہے لیکن دہشت گرد اپنی اس کوشش میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے کیونکہ اس حقیقت سے بین الاقوامی برادری اچھی طرح آگاہ ہے کہ دہشت گردی نے پاکستان سمیت پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور پاکستان خود اس کا سب سے بڑا شکار ہے۔ یہ ایوان مرحومین کے لواحقین کے ساتھ بھی اظہار تعزیت کرتا ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت اور گلگت بلتستان کی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ اس ایوان کی یہ رائے بھی ہے کہ دہشت گردی کی سرگرمیوں کا مستقل حل تلاش کرنے کے لئے ایک جامع حکمت عملی وضع کی جائے۔" | 24جون2013 |
| 3. | 3 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "یہ ایوان جمعرات، مورخہ 25جولائی 2013 کو سیکرٹری پنجاب اسمبلی، ڈاکٹر ملک آفتاب مقبول جوئیہ کی اچانک وفات پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم کو اپنے فرائض منصبی انجام دیتے ہوئے اپنے دفتر میں دل کا دورہ پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا۔ مرحوم نہایت شریف النفس، اعلیٰ تعلیم یافتہ، فرض شناس اور دیانت دار افسر تھے۔ انہوں نے اسمبلی سیکرٹریٹ کو 1997 میں join کیا۔ اسمبلی میں اپنی 16 سالہ ملازمت کے دوران مختلف حیثیتوں میں اپنے فرائض منصبی نہایت ایمانداری اور محنت سے انجام دیئے۔ مرحوم ایک علمی اور ادبی شخصیت تھے اور ایک کتاب کے مصنف بھی تھے۔ مرحوم نے اس معزز ایوان کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اسے احسن طریقے سے چلانے کیلئے قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ اچھے حوالے سے یاد رکھے گا۔ یہ ایوان مرحوم کے اہل خانہ سے بھی اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتا ہے اور دُعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!" | 26جولائی2013 |
| 4. | 3 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان شام میں جاری خانہ جنگی کے دوران سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے مزار مبارک، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے مزار اور اس سے ملحقہ مسجد اور دیگر مقدس اور تاریخی مقامات پر حملوں کے حالیہ واقعات کی پُرزور مذمت کرتا ہے۔ ان مقدس مقامات پر حملوں سے نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید ٹھیس پہنچی ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے پر شامی حکومت سے مطالبہ کیا جائے کہ مقدس مقامات کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں اور تنازعہ کے تمام فریقین پر زور دیا جائے کہ مشترکہ انسانی اور مذہبی ورثے کے حوالے سے بین الاقوامی قوانین کا احترام کیا جائے۔ اس ایوان کی یہ رائے بھی ہے کہ ایسے واقعات سے فرقہ واریت کو ہوا ملتی ہے اس لئے ان کی فوری روک تھام نہایت ضروری ہے۔ | یکم اگست2013 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 5. | 4 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان پولیس لائنز کوئٹہ میں خودکش حملے میں شہید ہونے والے پولیس افسران اور اہلکاران کی شہادت کو ایک قومی سانحہ قرار دیتا ہے۔ اس حملے میں ڈی۔ آئی۔ جی (آپریشنز) فیاض احمد سنبل اور 30 کے قریب دیگر افسران اور اہلکاران شہید ہو گئے تھے۔ فیاض احمد سنبل شہید ایک نہایت دلیر، پیشہ ور اور فرض شناس افسر تھے جن کی خدمات کو ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد کیا جائے گا۔ یہ ایوان شہید ڈی آئی جی اور دیگر شہداء کے اہل خانہ سے بھی اظہار تعزیت کرتا ہے اور دُعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔" | 12 اگست 2013 |
| 6. | 4 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان کنٹرول لائن پر جاری بھارتی جارحیت کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ بھارت نے پہلے پاکستان پر اپنے دو فوجیوں کی ہلاکت کا جھوٹا الزام لگایا اور پھر اس کی آڑ لے کر اس کی سکیورٹی فورسز تواتر سے بلا اشتعال فائرنگ کر رہی ہیں اور پاک فوج کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو اپنی جارحیت کا نشانہ بنا کر بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کی مرتکب ہو رہی ہیں۔ یہ ایوان بھارتی جارحیت کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں پر اظہار غم کرتا ہے اور مرحومین کی بلندی درجات کے لئے دُعا گو ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھایا جائے اور عالمی برادری کے ذریعے بھارتی جارحیت اور اس کے جارحانہ عزائم کا نوٹس لے کر اسے بین الاقوامی قوانین کی پابندی پر مجبور کیا جائے۔" | 12 اگست 2013 |
| 7. | 4 | سید وسیم اختر (پی پی۔271) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان مصر میں فوج کے ذریعے سے جمہوری عمل کے خاتمے اور منتخب جمہوری صدر ڈاکٹر محمد مرسی کی برطرفی اور اس پر احتجاج کرنے والے عوام کے قتل عام کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔" | 15 اگست 2013 |
| 8. | 4 | میاں محمد اسلم اقبال (پی پی۔148) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان تین دن پہلے ایکسپریس نیوز کے کراچی دفتر پر ہونے والے حملے کی پُرزور مذمت کرتا ہے، ایکسپریس نیوز کراچی پر فائرنگ میں سکیورٹی گارڈ اور خاتون ورکر زخمی ہو گئی تھیں۔ یہ ایوان سندھ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ صحافیوں اور ان کے دفاتر کی سکیورٹی یقینی بنائی جائے اور فائرنگ کرنے والے ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔" | 19 اگست 2013 |
| 9. | 4 | شیخ علاؤالدین (پی پی۔181) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ Tax Amnesty Scheme جس کی شرح 2 فیصد سے زیادہ نہ ہو فوری نافذ کرے تا کہ سرمایہ کاری کی رفتار تیز ہو اور لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر ہوں۔" | 20 اگست 2013 |
| 10. | 4 | چودھری افتخار حسین چھچھر (پی پی۔188) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع اوکاڑہ کے شہر بصیر پور کی بڑھتی ہوئی آبادی اور لوگوں کے روز افزوں مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے اسے تحصیل کا درجہ دیا جائے۔" | 20 اگست 2013 |
| 11. | 4 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان، امریکا کی جانب سے ڈرون حملوں کے مسلسل عمل کو بنیادی انسانی حقوق اور پاکستان کی آزادی، خود مختاری اور سالمیت کے خلاف قرار دیتا ہے اور اس کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے کہ ڈرون حملے مبہم اطلاعات اور اندازوں کی بنیاد پر کئے جا رہے ہیں، جو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ وہ امریکی حکومت کو باور کرائے کہ یہ حملے کسی صورت بھی قابل قبول نہیں۔ امریکا اور پاکستان کے تعلقات میں اس باب کو بند کر کے عزت اور برابری کی بنیاد پر نئے دور کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیئے۔ یہ ایوان ڈرون حملوں سے متعلق وزیراعظم پاکستان، میاں محمد نواز شریف کے دوٹوک موقف کی بھرپور تائید کرتا ہے اور اس سلسلے میں وفاقی حکومت کی سفارتی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ اس معزز ایوان کی رائے ہے کہ وفاقی حکومت، ڈرون حملوں کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کے حوالے سے قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے اپنی کوششوں کو جلد بارآور کرے۔" | 23 اگست 2013 |
| 12. | 4 | ڈاکٹر نوشین حامد (ڈبلیو۔356) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے لئے 5 برس تک کے ہر بچے کی ویکسی نیشن لازمی قرار دی جائے۔" | 27 اگست 2013 |
| 13. | 4 | محترمہ فائزہ احمد ملک (ڈبلیو۔362) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات ملک کے تمام کنٹونمنٹ ایریاز میں بھی کروائے جائیں تا کہ ان علاقوں کے رہائشی افراد بھی اپنے بلدیاتی نمائندے منتخب کر کے بلدیاتی نظام کے فوائد حاصل کر سکیں۔" | 27 اگست 2013 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 14. | 4 | محترمہ تحسین فواد (ڈبلیو-339) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ گداگری کی لعنت پر قابو پانے کے لئے تمام گداگروں کو Shelter Home میں رکھا جائے تا کہ انہیں تعلیم و تربیت دے کر معاشرے کا کارآمد فرد بنایا جاسکے۔" | 27اگست 2013 |
| 15. | 5 | میاں محمود الرشید لیڈر آف اپوزیشن | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان ایکسپریس نیوز کراچی کے دفتر پر دہشت گردوں کے حملے کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور اس حملے کو آزادی صحافت اور اظہار رائے پر حملہ قرار دیتا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے دفتر پر پانچ ماہ کے دوران یہ دوسرا حملہ ہے۔ یہ ایوان ایکسپریس نیوز کی انتظامیہ سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے اور صحافتی اداروں کی سکیورٹی کے حوالے سے ذمہ داریاں پوری کی جائیں۔" | 3دسمبر 2013 |
| 16. | 5 | محمد یعقوب ندیم سیٹھی (PP-175) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ اخبارات میں شائع ہونے والی قرآنی آیات اور ان کے ترجمے کو محفوظ بنانے اور بے حرمتی سے بچانے کے لئے تمام اخبارات سے اس امر کی سفارش کی جائے کہ قرآنی آیات و ترجمہ کے گرد کوپن اور کاؤنٹر فوائل کی طرز پر ڈاٹ بنا کر Scissor and cutting marks لگائیں تا کہ انہیں با آسانی کاٹ کر محفوظ کیا جاسکے۔" | 3دسمبر 2013 |
| 17. | 5 | شیخ علاؤالدین (پی پی-181) | "یہ معزز ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ Competition Commission of Pakistan کے ذریعے سیمنٹ Factories کے کارٹل کا فی الفور خاتمہ کیا جائے تا کہ سیمنٹ کی فی بوری قیمت 120 روپے تک کم ہو سکے۔" | 3دسمبر 2013 |
| 18. | 5 | جناب احسن ریاض فتیانہ (PP-58) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ فیصل آباد ضلع میں 144 کے قریب صنعتی ادارے ایسے ہیں جن کا زہر آلود پانی سمندری ڈرین میں گرتا ہے جس سے ہر سال ہزاروں افراد مختلف قسم کے موذی امراض میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو رہے ہیں، ان کو بند کیا جائے یا پھر اس زہر آلود پانی کے لئے Treatment Plant لگایا جائے۔" | 3دسمبر 2013 |
| 19. | 5 | جناب محمد ثقلین انور سپرا (PP-76) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے جھنگ میں واقع کیمپس کالج آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز جھنگ کو یونیورسٹی کا چارٹر / درجہ دیا جائے اور اس یونیورسٹی کا نام میاں محمد شریف ویٹرنری یونیورسٹی رکھا جائے۔" | 10دسمبر 2013 |
| 20. | 5 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "اس ایوان کی رائے ہے کہ دُلا بھٹی شہید کے مزار اور راستوں کو فوری طور پر ناجائز تجاوزات و قبضہ سے پاک کیا جائے نیز شہید کے شایانِ شان مزار تعمیر کیا جائے۔" | 10دسمبر 2013 |
| 21. | 5 | محترمہ کنول نعمان (W-321) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ معذور افراد کے لئے روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔" | 10دسمبر 2013 |
| 22. | 5 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان بنگلہ دیش میں نام نہاد جنگی جرائم کے نام پر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کے خلاف جاری انتقامی کارروائیوں کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی اداروں اور وکلاء کی بین الاقوامی تنظیموں نے بھی ان انتقامی کارروائیوں پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے پر اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل سے نوٹس لینے کی اپیل کی جائے۔" | 10دسمبر 2013 |
| 23. | 5 | محترمہ کنول نعمان (W-321) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان جنوبی افریقہ کے سابق صدر آنجہانی نیلسن منڈیلا کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم نے اپنی ساری عمر انسانی حقوق کے لئے جدوجہد کرتے گزاری۔ مرحوم کو نسلی امتیاز کے حوالے سے جدوجہد کرنے کی پاداش میں 27 سال پابند سلاسل رہنا پڑا۔ مرحوم کی خدمات پر انہیں نوبل انعام برائے امن سمیت بے شمار اعزازات سے نوازا گیا۔ مرحوم بین الاقوامی برادری میں ایک ہیرو کا درجہ رکھتے تھے۔ یہ ایوان انسانی حقوق اور نسلی امتیاز کے حوالے سے ان کی خدمات پر ان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔" | 10دسمبر 2013 |
| 24. | 6 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان پاکستان میں امن کی خاطر حکومت پاکستان کی طرف سے مذاکرات کا عمل شروع کرنے کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور امید کرتا ہے کہ مذاکرات کا یہ عمل کامیابی سے ہمکنار ہو تا کہ پاکستان میں بدامنی، انتشار و دہشت گردی کا خاتمہ ہو سکے۔" | 7فروری 2014 |
| 25. | 6 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ خواتین اور بچیوں کے خلاف بڑھتے ہوئے سائبر کرائمز پر قابو پانے کے لئے پہلے سے موجود قانون میں مناسب ترامیم کی جائیں۔" | 11 فروری 2014 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 26. | 6 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ گھریلو ملازمین پر تشدد کی روک تھام اور اُن کے حقوق کے تحفظ کے لئے فوری طور پر قانون سازی کی جائے۔" | 11 فروری 2014 |
| 27. | 7 | محترمہ حمیدہ وحید الدین وزیر وویمن ڈویلپمنٹ | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان خواتین کے عالمی دن کے موقع پر بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح ؒ کی بصیرت کی روشنی میں پاکستان کی خواتین کو معاشی، سماجی اور سیاسی شعبوں میں پاکستان کے مساوی شہری کے طور پر قومی دھارے میں لانے کے لئے اپنی بھرپور وابستگی اور حمایت کا اظہار کرتا ہے۔ نیز یہ ایوان اس ضمن میں حکومت پنجاب کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے تحت خواتین کے حقوق اور ترقی کے لئے صوبہ میں پنجاب خواتین پارلیمانی گروپ قائم کیا جائے۔" | 8مارچ2014 |
| 28. | 7 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بین الاقوامی یوم خواتین کے موقع پر پاکستانی خواتین کو زندگی کے ہر شعبے میں اپنے حقوق کے حصول کو یقینی بنانے کی قابل تعریف کوششوں پر خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس ضمن میں حکومت پنجاب کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ان خواتین کی بدولت ہی خاندان مضبوط، معاشرے بااختیار اور اقوام کی تعمیر ہوتی ہے۔ نیز پنجاب کا یہ منتخب ایوان اس بات کا عزم کرتا ہے کہ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے اور خواتین کو معاشرے میں باوقار مقام دینے نیز برابری کے حقوق دلانے کے لئے مؤثر قانون سازی کی جائے گی۔" | 8مارچ2014 |
| 29. | 7 | شیخ اعجاز احمد (PP-68) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ معصوم بچوں کے اندر اسلحہ کے رجحان میں کمی کے لئے کھلونا نما پستول، بندوق اور کلاشنکوف وغیرہ بنانے، فروخت کرنے اور درآمد پر پابندی عائد کی جائے تاکہ آئے روز بچوں سے اچانک گولی چل جانے کے واقعات میں انسانی جانوں کے ضیاع کو روکا جاسکے۔" | 11مارچ2014 |
| 30. | 7 | ڈاکٹر نوشین حامد (W-356) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب کے تمام اضلاع میں لیڈی تھانوں کا قیام یقینی بنایا جائے۔ اگر فوری طور پر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو موجودہ تھانوں میں خواتین کے لئے الگ کمرہ مختص کیا جائے۔" | 11مارچ2014 |
| 31. | 7 | محترمہ عظمٰی زاہد بخاری (W-318) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ آئین میں درج بنیادی انسانی حقوق کو نصاب کا حصہ بنایا جائے۔" | 11مارچ2014 |
| 32. | 7 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ فوڈ سٹریٹ کی طرز پر بک سٹریٹس بھی بنائی جائیں تاکہ نئی نسل میں کتابوں سے لگاؤ، دلچسپی اور لگن پیدا ہو۔" | 11مارچ2014 |
| 33. | 7 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "یہ ایوان متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کے بیان پر کہ "فوج حکومت کو Takeover کرکے اقتدار اپنے ہاتھوں میں لے لے" پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ وہ ایسی کسی بھی سوچ کی مخالفت کرتا رہے گا۔" | 11مارچ2014 |
| 34. | 7 | جناب احمد شاہ کھگہ (PP-229) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ عوام الناس کو دھوکہ دہی سے بچانے کے لئے اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مختلف رہائشی سکیموں کی جانب سے لوگوں کو مرغوب کرنے کی غرض سے اخبارات میں جو پُرکشش اشتہارات دیئے جاتے ہیں، عوام الناس کو جعلی اور جھوٹی رہائشی سکیموں کی دھوکہ دہی سے بچانے کے لئے تمام پرائیویٹ رہائشی سکیموں کے مالکان کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اپنے متعلقہ TMO، DCO یا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ NOC کی کاپی بھی اشتہار میں واضح طور پر پرنٹ کرائیں۔" | 18مارچ2014 |
| 35. | 7 | محترمہ شمیلہ اسلم (W-312) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ تمام تعلیمی اداروں میں مرحلہ وار بیسک (Basic) لائف سپورٹ اور فائر سیفٹی کی ٹریننگ کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ بوقت ضرورت طلباء و طالبات ناگہانی آفت سے نبرد آزما ہو سکیں اور اسکے لئے پنجاب ایمرجنسی سروس 1122 کے کمیونٹی سیفٹی ونگ کی خدمات حاصل کی جائیں۔" | 18مارچ2014 |
| 36. | 7 | محترمہ شنیلہ روت (NM-371) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب حکومت سرکاری سکولوں میں طلباء و طالبات پر اساتذہ کی طرف سے جسمانی تشدد کے حوالے سے قانون سازی کرے۔" | 18مارچ2014 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 37. | 7 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "یہ ایوان سانحہ سیشن کورٹ اسلام آباد پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور دہشت گرد حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ سانحہ میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ تمام پبلک مقامات پر سکیورٹی کے انتظامات کو بہتر کرنے کے لئے کوئی کسر اٹھانہ رکھے تاکہ دہشت گردی سے موثر طور پر نمٹا جاسکے۔" | 18مارچ2014 |
| 38. | 7 | جناب اویس قاسم خان (PP-132) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ جس طرح تمام ایم این ایز کوBlue Passportجاری کئے جاتے ہیں، اُسی طرح صوبائی اسمبلی پنجاب کے تمام ایم پی ایز کو بھیBlue Passportجاری کئے جائیں۔" | 18مارچ2014 |
| 39. | 8 | راناثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "یہ ایوان جیو چینل کے پروگرام اٹھو جاگو پاکستان میں شعائر اسلام اور اہل بیت کی توہین کی پُرزور مذمت کرتا ہے، یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ پیمرا جو اس واقعہ کا نوٹس لے چکا ہے، قانون اور انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کارروائی عمل میں لائے۔ مزید بر آں یہ ایوان تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس موقع پر قوم کی فکری اور نظریاتی رہنمائی فرمائیں۔" | 16مئی2014 |
| 40. | 8 | راناثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان منگل 13 مئی2014ء کو ترکی کے مغربی علاقے میں واقع کوئلے کی کان میں ہونے والے دھماکے اور آتشزدگی کے ہولناک واقعے پر اپنے شدید رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس افسوسناک حادثے میں 200 سے زائد کارکن ہلاک ہوگئے تھے اور متعدد دیگر زخمی ہوئے تھے۔ یہ ایوان برادر ملک ترکی کی حکومت اور سوگوار خاندانوں سے اظہار افسوس کرتا ہے اور مرحومین کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لئے دُعا گو ہے۔ یہ ایوان ترک بھائیوں کو یقین دلاتا ہے کہ پاکستانی حکومت اور پوری قوم ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھتی ہے۔" | 16مئی2014 |
| 41. | 8 | راناثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان افواج پاکستان کے ساتھ مکمل اور بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ زمانہ امن اور جنگ میں افواج پاکستان کی خدمات قوم کا قابل فخر اثاثہ ہیں۔ پاک فوج نے پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت اور دہشت گردی کا مقابلہ کرتے ہوئے جس جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ یہ ایوان اپنے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان قومی اداروں کو اپنے سیاسی وگروہی مفادات کے لئے متنازعہ بنانے کی تمام کوششوں کی مذمت کرتا ہے اور عزم کرتا ہے کہ ان کوششوں میں ملوث عناصر کے مذموم مقاصد کو کسی طور پورا نہ ہونے دیا جائے گا۔" | 19مئی2014 |
| 42. | 8 | محترمہ شمیلہ اسلم (W-312) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ شہریوں کو اُن کے قومی شناختی کارڈ کے اجراء، تجدید یا کسی بھی مرحلہ پر کوئی بھی فیس وصول نہ کی جائے۔" | 20مئی2014 |
| 43. | 8 | محترمہ لبنیٰ فیصل (W-332) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ تیزاب پھینکنے کے واقعات کا انسداد دہشتگردی عدالت میں انسداد دہشتگردی قوانین کے تحت ٹرائل کیا جائے۔" | 27مئی2014 |
| 44. | 8 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بچوں اور بچیوں پر ظالمانہ جنسی تشدد اور قتل کے اندوہناک واقعات میں ملوث تمام سزا یافتہ مجرموں کی سزاؤں پر فوری عمل درآمد کیا جائے۔" | 27مئی2014 |
| 45. | 8 | محترمہ فرحانہ افضل (W-315) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ہر ضلع کے DCO آفس میں خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں درپیش مشکلات کے ازالہ کی غرض سے ایک ہیلپ ڈیسک قائم کیا جائے اور اس ہیلپ ڈیسک میں سوشل ویلفیئر یا وویمن ڈویلپمنٹ محکمہ کی ایک خاتون اہلکار کو تعینات کیا جائے جو خواتین کے مسائل کو فوری طور پر سنیں اور انہیں حل کریں۔" | 27مئی2014 |
| 46. | 8 | محترمہ کنول نعمان (W-321) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ PTV کے فنکار قوم کا اثاثہ ہیں، بدقسمتی سے ان کا معاوضہ پچھلے اٹھارہ سال سے جوں کا توں ہے۔ لہٰذا اس ایوان کی رائے ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نبرد آزما ہونے کیلئے ان کا معاوضہ فوری طور پر دوگنا کیا جائے۔" | 27مئی2014 |
| 47. | 8 | ملک ندیم کامران وزیر زکوٰۃ و عشر | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 28 مئی، یوم تکبیر کے موقع پر پاکستان کو ساتویں عالمی اور پہلی اسلامی ایٹمی قوت بنانے پر وزیراعظم پاکستان جناب محمد نواز شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ یہ دن تمام پاکستانیوں کے لئے قابل فخر ہے۔ یہ ایوان اس یقین کا بھی اظہار کرتا ہے کہ جس طرح جناب محمد نواز شریف نے عالمی دباؤ کے باوجود پاکستان کو ایک ناقابل تسخیر دفاعی قوت بنایا، اسی طرح ان کی ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان اقتصادی اور سماجی ترقی کے حوالے سے بھی انشاء اللہ ایک مثالی ملک بن جائے گا۔ اور اُن کی قیادت میں بجلی کے بحران (Energy Crises) اور دہشت گردی پر جلد قابو پالے گا۔ یہ ایوان اس موقع پر ملکی ترقی اور صوبہ پنجاب کی بے لوث خدمت اور بے مثال محنت سے ترقی اور خوشحالی کی منزل پالینے کی انتھک کوششوں پر خادم پنجاب / وزیراعلیٰ میاں شہباز شریف کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہے۔" | 28مئی2014 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 48. | 8 | جناب رمیش سنگھ اروڑہ (NM-368) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ سکھ مذہب کے بانی بابا گورونانک دیو جی جن کا جنم پاکستان ننکانہ صاحب کی دھرتی پر ماہ نومبر میں ہوا، اس دن کی مناسبت سے بابا گورونانک جی کے جنم دن کو سرکاری طور پر منایا جائے اور اس دن عام تعطیل کا اعلان کیا جائے۔" | 28 مئی 2014 |
| 49. | 9 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان، شمالی وزیرستان میں حکومت پاکستان کی ہدایت پر پاک فوج کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف شروع ہونے والے آپریشن "ضرب عضب" کی بھرپور حمایت اور تائید کرتا ہے۔ یہ ایوان ملک و قوم کی سلامتی اور بقا کے اس دلیرانہ فیصلے پر وزیر اعظم پاکستان جناب محمد نواز شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ وزیر اعظم پاکستان نے نہایت فہم و فراست سے بروقت فیصلہ کیا ہے۔ یہ ایوان اس آپریشن میں مصروف عمل، پاک افواج اور دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کرتا ہے اور ان کی جلد کامیابی کے لئے دُعا گو ہے۔<br>یہ ایوان اس یقین کا بھی اظہار کرتا ہے کہ جس طرح جناب محمد نواز شریف نے پاکستان کی اقتصادی اور سماجی ترقی کے لئے اہم اقدامات شروع کئے ہیں، اسی طرح ان کی ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان، ملکی سلامتی کے لئے کئے جانے والے اس اقدام سے انشاء اللہ ایک پُرامن اور مثالی ملک بن جائے گا۔" | 18 جون 2014 |
| 50. | 10 | شیخ علاؤالدین (PP-181) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ملک بھر میں نوجوان نسل میں منشیات نوشی کے رجحان میں دن بدن تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق 80 لاکھ سے زائد افراد منشیات نوشی کی دلدل میں پھنس چکے ہیں۔ زیادہ تر منشیات نوشی کا استعمال تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیوں میں ہو رہا ہے۔ صوبائی اسمبلی کا یہ نمائندہ ایوان صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ ملک بھر میں منشیات نوشی کی بڑھتی ہوئی تباہ کاریوں کے معاشرہ پر اثرات کا فوری تدارک کیا جائے اور ایسا لائحہ عمل بنایا جائے کہ نوجوان نسل منشیات نوشی کی لعنت سے بچ سکے۔" | 21 اکتوبر 2014 |
| 51. | 10 | محترمہ حنا پرویز بٹ (W-353) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ ملک کے تمام ٹی وی چینلز پر زیادتی کا شکار لڑکیوں اور خواتین کے clips بار بار دکھانے پر پابندی عائد کی جائے تاکہ ان خواتین اور ان کے خاندان کی عزت نفس کو مزید مجروح ہونے سے بچایا جاسکے۔" | 21 اکتوبر 2014 |
| 52. | 10 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون و پارلیمانی امور) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ صوبائی اسمبلیوں کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر صاحبان کو ڈپلومیٹک پاسپورٹ اور ارکان صوبائی اسمبلی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے سینئر افسران کو بلیو پاسپورٹ جاری کرنے کے لئے فی الفور ضروری اقدامات کئے جائیں۔" | 21 اکتوبر 2014 |
| 53. | 10 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون و پارلیمانی امور) | "یہ ایوان دختر پاکستان ملالہ یوسف زئی کو امن کا نوبل انعام برائے 2014 ملنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور قوم کی اس بچی کے کارنامے کو دنیا بھر میں سراہنے پر بڑے فخر کا اظہار کرتا ہے۔ نیز یہ ایوان بچیوں کی تعلیم کے لئے ملالہ کی کاوش اور قربانی کو سلام پیش کرتا ہے اور ناخواندگی اور انتہا پسندی کے خلاف اس بچی کی آواز پاکستان کے بچوں اور وسیع پیمانے پر دنیا بھر کے لئے ہمت، حوصلے اور امید کی کرن ہے۔ مزید برآں یہ ایوان وفاقی حکومت کی طرف سے پاکستان میں بچوں کی تعلیم کے لئے ماحول یقینی بنانے کے لئے ہر سطح پر پالیسیوں اور پروگراموں کی پرزور تائید کا اظہار کرتا ہے۔" | 22 اکتوبر 2014 |
| 54. | 10 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون و پارلیمانی امور) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان کنٹرول لائن اور ورکنگ باؤنڈری پر جاری بھارتی جارحیت کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ پاک فوج کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو اپنی جارحیت کا نشانہ بنا کر بھارتی حکومت بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کی مرتکب ہو رہی ہے۔ یہ ایوان بھارتی جارحیت کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں پر اظہار غم کرتا ہے اور شہداء کی بلندی درجات کے لئے دُعا گو ہے۔ یہ ایوان بھارتی جارحیت کو بین الاقوامی سطح پر اٹھانے کے وفاقی حکومت کے اقدام کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ عالمی برادری کے ذریعے بھارتی جارحیت اور اس کے جارحانہ عزائم کا نوٹس لیکر اسے بین الاقوامی قوانین کی پابندی پر مجبور کیا جائے۔ مزید برآں یہ ایوان افواج پاکستان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہے کہ انہوں نے بھرپور انداز میں دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے تاکہ وہ آئندہ ایسی جرات نہ کرسکے۔" | 22 اکتوبر 2014 |
| 55. | 10 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون و پارلیمانی امور) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان وفاقی حکومت اور پارلیمنٹ سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 27 کی کلاز (1) کی Third Proviso کے تحت قانون سازی کرے تاکہ آئین کے آرٹیکل 37(f) میں وضع کردہ پالیسی اصول کی ترویج ممکن ہوسکے۔" | 27 اکتوبر 2014 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 56. | 10 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون و پارلیمانی امور) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان ملک میں کچھ عرصے سے جاری احتجاج کی آڑ میں جمہوریت کے خلاف ہونے والی سازش کی نہ صرف پُرزور مذمت کرتا ہے بلکہ اس عزم کا بھی اظہار کرتا ہے کہ ان سازشوں کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا اور انہیں ناکام بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے گی۔ یہ ایوان جمہوریت دشمن عناصر کی جانب سے ملکی مفاد کے منافی سرگرمیوں کو ملکی سلامتی اور بقا کے منافی تصور کرتا ہے۔ اس ایوان کی یہ متفقہ رائے ہے کہ جمہوریت کا تسلسل ہی ملکی ترقی اور سلامتی کا ضامن ہے۔ یہ ایوان منتخب وزیراعظم میاں محمد نواز شریف اور منتخب وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتا ہے جن کی ولولہ انگیز قیادت میں ملک ترقی کی جانب گامزن ہو چکا ہے۔ یہ ایوان ان دونوں قائدین کو اپنی مکمل حمایت اور تائید کا یقین دلاتا ہے۔" | 27اکتوبر2014 |
| 57. | 11 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "مجید نظامی (مرحوم) نظریاتی صحافت کا ایک تابناک اور زریں عہد تھے جو اپنے اختتام کو پہنچ گئے۔ یہ ایوان اس تابناک اور روشن عہد صحافت کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اللہ رب العزت سے دُعاگو ہے کہ وہ انہیں کروٹ کروٹ جنت عطا فرمائے۔ آمین۔" | 9دسمبر2014 |
| 58. | 11 | شیخ علاؤالدین (PP-181) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ تمام یتیم بچوں اور بچیوں کو حکومتی ذمہ داری (State Child) قرار دیا جائے۔" | 9دسمبر2014 |
| 59. | 11 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "پنجاب میں پرائیویٹ میڈیکل کالجز ایک طالب علم سے 60 لاکھ روپے سے لے کر 90 لاکھ روپے تک وصول کر رہے ہیں لیکن اکثر پرائیویٹ میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس کی پروفیشنل تعلیم دینے کے لئے لیبارٹریز، Proper Hospital اور Qualified Staff کی سہولیات میسر نہ ہیں۔ جس کی وجہ سے انہیں معیاری تعلیم نہیں مل پاتی اور انہیں سرکاری ہسپتالوں میں House Job بھی نہیں ملتی اور وہ میڈیکل کی Job حاصل کرنے کے لئے compete کرنے کی قابلیت نہیں رکھتے۔ اس طرح ان سب بچوں کا مستقبل تاریک ہو رہا ہے۔ لہٰذا، اس ایوان کی رائے ہے کہ وفاقی حکومت پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی فیسوں اور تعلیمی سہولیات کو regulate اور monitor کرنے کے لئے قانون سازی کرے۔" | 9دسمبر2014 |
| 60. | 11 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ زرعی زمینوں کے تحفظ کے لئے شہروں کی حدود مقرر کی جائیں اور پرانے شہروں کو وسعت دینے کی بجائے قانون کے مطابق نئے شہر بسانے کا اہتمام کیا جائے۔" | 9دسمبر2014 |
| 61. | 11 | محترمہ لبنیٰ فیصل (W-332) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بیرون ممالک رہنے والے پاکستانیوں کو شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے حصول میں درپیش تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے تاکہ ایک ہفتہ کے اندر تمام process کو مکمل کیا جا سکے۔" | 9دسمبر2014 |
| 62. | 11 | چودھری عامر سلطان چیمہ (PP-32) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ملک میں موجودہ سال گندم کی ضرورت سے زائد پیداوار ہونے کے باوجود 16 کروڑ 74 لاکھ ڈالر مالیت کی 6 لاکھ 46 ہزار ٹن گندم کی درآمد کے معاملہ کی فوری تحقیقات کروائی جائے اور گندم درآمد کروانے والے عناصر کو بے نقاب کرکے ذمہ داروں کو کڑی سزا دی جائے۔" | 9دسمبر2014 |
| 63. | 11 | سردار شیر علی گورچانی (ڈپٹی سپیکر) (PP-248) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان سانحہ پشاور پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور اس سانحے میں شہید ہونے والے معصوم طلباء کے والدین، اساتذہ اور دیگر افراد کے لواحقین اور دوسرے متعلقین کو یقین دلاتا ہے کہ ہم رنج و الم کی اس گھڑی میں ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ آج پنجاب میں بسنے والے ہر فرد کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے اور ہر گھر میں صف ماتم بچھی ہے۔ پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان سمجھتا ہے کہ یہ المناک واقعہ پاکستان میں دہشت گردی کے بدترین واقعات میں سے ایک ہے اور اس سفاکانہ واردات میں ملوث دہشتگرد اور ان کے سرپرست اس قابل ہیں کہ انہیں رہتی دُنیا تک کے لئے عبرت کا نشان بنا دیا جائے۔<br>پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان تمام مکاتب فکر، علماء اور سیاسی راہنماؤں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے تمام اختلافات بھلا کر یک جان ہو کر حکومت اور افواج پاکستان کی جانب سے دہشتگردی کے خلاف جاری فیصلہ کن آپریشن ضرب عضب کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ وطن عزیز ان ملک دشمن عناصر سے پاک ہو سکے نیز یہ ایوان آپریشن ضرب عضب میں شہید ہو جانے والے افواج پاکستان کے تمام شہداء کے لئے دُعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ درجات عطا فرمائے اور افواج پاکستان اللہ تعالیٰ اور قوم کی حمایت اور تائید سے بہت جلد ان دہشت گردوں کا خاتمہ کریں۔ آمین۔" | 16دسمبر2014 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 64. | 11 | محترمہ عظمٰی زاہد بخاری (W-318) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ کم عمری کی شادیوں کی روک تھام کرنے کیلئے موثر قانون سازی کی جائے۔" | 23دسمبر2014 |
| 65. | 11 | الحاج محمد الیاس چنیوٹی (PP-73) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کے مراسلہ نمبر 1(12)/2013۔ آر۔ سی آئی آئی/70 مورخہ 29اگست 2013 میں اسلامی اقدار وارکان کے لئے استعمال کئے جانے والے بعض انگریزی الفاظ کی اصلاح کے حوالے سے ہدایت پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔" | 23دسمبر2014 |
| 66. | 11 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں اوپن میرٹ پر70 فیصد خواتین میڈیکل کالجز میں داخلہ لیتی ہیں مگر صرف30 فیصد ہی پریکٹس کرتی ہیں جس سے ڈاکٹرز کا شارٹ فال بڑھتا جارہا ہے۔ لہذا اس شارٹ فال کو پورا کرنے کے لئے وفاقی حکومت سے سفارش کی جاتی ہے کہ میڈیکل کالجز میں داخلہ کے وقت طلباء وطالبات سے Affidavit لیا جائے کہ وہ کم از کم 5سال سرکاری اسپتالوں میں کام کرنے کے پابند ہوں گے۔" | 23دسمبر2014 |
| 67. | 11 | محترمہ شمیلہ اسلم (W-312) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ معذور افراد کی سہولت کیلئے تمام اداروں، سرکاری عمارات، تفریحی مقامات اور سہولت فراہم کرنے والے اداروں میں سیڑھیوں کے ساتھ (Ramp) ریمپ بھی بنوائے جائیں۔" | 30دسمبر2014 |
| 68. | 11 | شیخ علاؤالدین (PP-181) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ تمام نئے وپرانے موبائل فونز کی خرید و فروخت کے لئے اصل خریداری رسید (Original Invoice) بمعہ خریدار کی مصدقہ شناختی کارڈ کی نقل کو سختی سے نافذ کیا جائے نیز تمام موبائل فون مرمت کرنے والوں کو رجسٹر کرکے (Monitoring Network) سے منسلک کیا جائے۔" | 30دسمبر2014 |
| 69. | 11 | محترمہ کنول نعمان (W-321) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ گنجشکر سپیشل ایجوکیشن سنٹر ضلع اوکاڑہ میں 1988 سے قائم مڈل سکول کو فی الفور ہائی سکول کا درجہ دیا جائے۔" | 30دسمبر2014 |
| 70. | 11 | محترمہ لبنیٰ فیصل (W-332) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں خواتین کی بہبود اور ترقی کے لئے قائم کی گئی NGOsاور دیگر تنظیموں کا ریکارڈ متعلقہ محکمہ جات کے قوانین کی روشنی میں مرتب کیا جائے اور ان کا آڈٹ کیا جائے۔" | 30دسمبر2014 |
| 71. | 12 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | اس ایوان کی رائے ہے کہ سبزیوں پر انسانی صحت کے لئے مضر کرم کش ادویات کے سپرے پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ | 10 فروری 2015 |
| 72. | 12 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کے تمام پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا سالانہ آڈٹ کروایا جائے اور اس سالانہ آڈٹ کی بنیاد پر ان پر ٹیکس عائد کیا جائے۔ | 10 فروری 2015 |
| 73. | 12 | جناب خلیل طاہر سندھو، وزیر برائے انسانی حقوق | صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان فرانسیسی جریدے کی طرف سے توہین آمیز خاکے شائع کرنے کی شدید مذمت کرتا ہے۔ توہین آمیز خاکوں کی اشاعت کے پے درپے واقعات پر پوری دُنیا میں تمام مذاہب کے لوگوں خاص طور پر مسلمانوں میں سخت غم وغصہ اور بے چینی پائی جاتی ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ فرانس سمیت دُنیا بھر کے تمام ممالک، بین المذاہب ہم آہنگی کے داعی ہیں، لیکن اظہار رائے کی آزادی کی آڑ میں اس ہم آہنگی کو نقصان پہنچایا جارہا ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا جائے کہ تمام انبیاکرام کی شان میں گستاخی کے انسداد کیلئے موثر قانون سازی کی جائے۔ | 10 فروری 2015 |
| 74. | 12 | جناب خلیل طاہر سندھو، وزیر برائے انسانی حقوق | 'صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان سعودی عرب کے فرمانروا خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم اُمت مسلمہ کے عظیم راہنما اور پاکستان کے بہت بڑے خیر خواہ تھے۔ ان کی وفات سے پاکستان اپنے ایک عظیم دوست اور عالم اسلام ایک عظیم راہنما سے محروم ہو گیا ہے۔ یہ ایوان دُعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ اور سعودی عوام کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین | 10 فروری 2015 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 75. | 12 | چودھری عامر سلطان چیمہ (PP-32) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ نجی سکولوں کے مالکان اور پرنسپل صاحبان کو سیکورٹی کی مد میں سکول کی فیسوں میں اضافے سے روکا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔" | 24فروری2015 |
| 76. | 12 | ڈاکٹر عالیہ آفتاب (W-338) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ چھ ماہ کی حاملہ خواتین کے لئے مخصوص بلڈ ٹیسٹ کو لازمی قرار دیا جائے۔" | 24فروری2015 |
| 77. | 12 | محترمہ کرن عمران (W-299) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب کے تمام انڈسٹریل زونز میں خواتین ورکرز کے حقوق کے تحفظ کے لئے خاتون لیبر انسپکٹرز تعینات کی جائیں۔" | 24فروری2015 |
| 78. | 12 | شیخ اعجاز احمد (PP-68) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں کے معیار تعلیم میں اضافے نیز متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات کے احساسِ محرومی کے خاتمے کے لئے اراکین اسمبلی اور بیوروکریٹس کو ترغیب دی جائے کہ وہ اپنے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں داخل کرائیں۔" | 3مارچ2015 |
| 79. | 12 | جناب احمد شاہ کھگہ (PP-229) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ روڈ ایکسیڈنٹ میں ہلاک ہونے والے افراد کے ذمہ داران کو سخت سے سخت سزا دینے کے ساتھ ساتھ ان پر بھاری جرمانے بھی عائد کئے جائیں۔" | 3مارچ2015 |
| 80. | 12 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بھارت سے ڈیوٹی فری زرعی اجناس کی درآمد سے مقامی کسان کو مسلسل نقصان پہنچ رہاہے۔ لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اجناس کی درآمد پر ٹیکس عائد کرے تاکہ مقامی کسان اپنی محنت کا پورا صلہ پاسکے۔" | 3مارچ2015 |
| 81. | 13 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون وپارلیمانی امور) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان اتوار 15 مارچ 2015 کو یوحنا آباد، لاہور میں واقع گرجاگھروں پر ہونے والے خودکش دھماکوں کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس سانحے میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق/ شہید اور زخمی ہونے پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتا ہے۔ یہ ایوان پولیس کے ان جوانوں اور سیکورٹی گارڈز کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر بڑے جانی نقصان سے بچالیا۔<br>اس ایوان کی رائے ہے کہ ملک دشمن عناصر، دہشت گردی کی ان وارداتوں سے مذہبی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ یہ ایوان اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ ان واقعات میں ملوث افراد اور گروہوں کی نشاندہی کرکے انہیں نشان عبرت بنایا جائے گا اور اس حوالے سے کی جانے والی ہر حکومتی کوشش کی مکمل حمایت وتائید کی جائے گی۔<br>یہ ایوان اس سانحے کے بعد ہونے والے احتجاج کے دوران دونوجوانوں حافظ محمد نعیم اور بابر نعمان کو تشدد کے بعد زندہ جلائے جانے کے واقعے کی بھی شدید مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ ان دونوں نوجوانوں کی ہلاکت کے ذمہ داران کو قانون کے کٹہرے میں لاکر قرار واقعی سزا دی جائے۔<br>یہ ایوان ان دونوں شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔" | 27مارچ2015 |
| 82. | 14 | میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن (وزیر قانون وپارلیمانی امور) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان 8 مئی 2015 کو گلگت بلتستان کے مقام نلتر پر آرمی ہیلی کاپٹر کو پیش آنے والے حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ اس واقعہ میں فلپائن اور ناروے کے سفیر اور ملیشیا اور انڈونیشیا کے سفیروں کی بیگمات کے علاوہ پاک آرمی کے دو افسران میجر التمش ریاض اور میجر وسیم فیصل اور ایک نائب صوبیدار ذاکر جاں بحق ہوگئے تھے نیز متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ یہ ایوان اس المناک حادثے کو قومی سانحہ قرار دیتا ہے۔<br>یہ ایوان پاک فوج کے متذکرہ بالا افسران کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے جنہوں نے متعدد زندگیوں کو بچانے کے لئے اپنی جانیں قربان کردیں اور شہید ہوگئے۔<br>یہ ایوان مرحومین کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعاگو ہے۔" | 15مئی2015 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 83. | 14 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان 13 مئی 2015 کو کراچی میں ہونے والے دہشت گردی کے ہولناک واقعے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ اس المناک واقعے میں ایک بس میں سوار بچوں اور خواتین سمیت 46 معصوم اور بے گناہ افراد کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا اور متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ معصوم افراد کے اس افسوسناک قتل عام پر پوری قوم سوگوار ہے۔ یہ ایوان اس المناک واقعے کو قومی سانحہ قرار دیتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس طرح کے واقعات دہشت گردی کے خلاف جنگ کے پوری قوم کے متفقہ عزم کو کمزور نہیں کر سکتے اور پوری قوم افواج پاکستان سمیت تمام سیکورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے اور آخری دہشت گرد کے خاتمہ تک یہ جنگ جاری رہے گی۔ جو بیرونی ہاتھ اس کی پشت پر ہیں یہ ایوان ان کی شدید مذمت کرتا ہے۔<br>یہ ایوان افواج پاکستان اور سیکورٹی کے دیگر اداروں کو اپنی بھرپور تائید اور حمایت کا ایک بار پھر اعادہ کرتا ہے جو ان دہشت گردوں، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما ہیں اور ان کی جلد کامیابی کے لئے دُعاگو ہے۔<br>یہ ایوان ان معصوم شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعاگو ہے۔" | 15 مئی 2015 |
| 84. | 14 | محترمہ نگہت شیخ<br>(W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں خسرے، پولیو اور دیگر مہلک بیماریوں کی ویکسین کی طرح آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی ویکسین شروع کی جائے تاکہ ان امراض سے بچا جا سکے۔" | 19 مئی 2015 |
| 85. | 14 | چودھری عامر سلطان<br>چیمہ<br>(PP-32) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ہیپاٹائٹس کے مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر صوبہ بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں ہیپاٹائٹس (سی) کے انجکشن کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 86. | 14 | محترمہ خدیجہ عمر<br>(W-361) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ نادرا دفاتر اور سٹاف کی تعداد میں آبادی کے تناسب سے اضافہ کیا جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 87. | 14 | ڈاکٹر سید وسیم اختر<br>(PP-271) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات میں کمی کے پیش نظر PIA کے عمرہ کے کرایہ میں کمی کی جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 88. | 14 | محترمہ لبنیٰ فیصل<br>(W-332) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ نشہ آور / سکون آور ادویات کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر ان ادویات کی غیر قانونی درآمد اور پس پردہ فروخت کو مکمل طور پر روکا جائے نیز یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اس کی خرید و فروخت میں ملوث افراد و گروہوں کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 89. | 14 | میاں محمد اسلم اقبال<br>(PP-148) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پینے کا صاف پانی مہیا نہ ہونے سے صوبہ بھر میں ہیپاٹائٹس و دیگر بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ لہٰذا پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 90. | 14 | چودھری عامر سلطان<br>چیمہ<br>(PP-32) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر کے ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں میں ہیپاٹائٹس ٹیسٹ کی سہولیات مہیا کی جائیں۔" | 19 مئی 2015 |
| 91. | 14 | محترمہ خدیجہ عمر<br>(W-361) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ حفظان صحت کے اصول کے مطابق صوبہ بھر کے قصابوں کو دکانوں کے آگے جالیاں لگانے کا پابند بنایا جائے۔" | 19 مئی 2015 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 92. | 14 | ڈاکٹر صلاح الدین خان<br>(PP-44) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ حالیہ بارشوں اور شدید ژالہ باری کی وجہ سے گندم کی فصل کو ہونے والے نقصان کی وجہ سے ضلع میانوالی کی تین تحصیلوں میانوالی، عیسیٰ خیل اور پپلاں کو پنجاب لینڈ ایڈمنسٹریشن کے مطابق آفت زدہ قرار دیا جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 93. | 14 | میاں محمد اسلم اقبال<br>(PP-148) | " یہ ایوان لاہور کے علاقہ شادباغ میں شارٹ سرکٹ سے آتش زدگی کی وجہ سے چھ معصوم بچوں کی ہلاکت پر رنج و غم اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے نیز وزیر اعلیٰ پنجاب نے جس انکوائری کا حکم دیا ہے اس کو جلد از جلد مکمل کر کے مجرمانہ غفلت کے مرتکب ذمہ دران کو قرار واقعی سزا دی جائے اور مکمل رپورٹ ایوان میں پیش کی جائے۔" | 19 مئی 2015 |
| 94. | 14 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان ایس ایچ او تھانہ سٹی (ڈسکہ) کی فائرنگ سے صدر بار ایسوسی ایشن ڈسکہ رانا خالد عباس اور ان کے ساتھی وکیل کی ہلاکت پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتا ہے اور ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ان ہلاکتوں کے ذمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔" | 25 مئی 2015 |
| 95. | 15 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان چودھری شمشاد احمد خان، مرحوم رکن صوبائی اسمبلی پنجاب (پی پی-100) / سابقہ وزیر برائے ٹرانسپورٹ و ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور ان کے صاحبزادے کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور ان کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم چار مرتبہ ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب منتخب ہوئے۔ مرحوم کی وفات سے یہ ایوان ایک نہایت شریف النفس انسان اور ایک منجھے ہوئے سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔ مرحوم بذریعہ سیاست ایک عرصہ سے عوامی خدمت میں مصروف عمل تھے۔ یہ ایوان دُعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین" | 10 جون 2015 |
| 96. | 15 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان میانمار کے مسلمانوں پر ہونے والے ظلم و بربریت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ بنگلہ دیش کی سرحد کے قریب میانمار کے مغربی علاقے میں بسنے والے لاکھوں مسلمانوں پر زندگی تنگ کر دی گئی ہے۔ ان کا قتل عام کر کے اجتماعی قبروں میں دفنایا جارہا ہے۔ خواتین اور معصوم بچوں کو بھی انتہائی اذیت ناک ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جارہا ہے اس کے باوجود اقوام متحدہ، سلامتی کونسل، ایمنسیٹی انٹر نیشنل سمیت عالمی ادارے مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے اس انسانیت سوز سلوک پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس انسانی مسئلے کو بین الاقوامی سطح پر فوری طور پر اٹھانے کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔" | 10 جون 2015 |
| 97. | 15 | میاں محمد اسلم اقبال<br>(PP-148) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے "مشرقی پاکستان" کو بنگلہ دیش بنانے میں بھارتی کردار کے اعتراف کو عالمی برادری کے لئے چیلنج قرار دیتے ہوئے سمجھتا ہے کہ کیا اقوام عالم دوسرے ممالک کی خود مختاری اور اقتدار اعلیٰ کے عزت و احترام کے لئے اسے جائز سمجھتی ہے؟ بھارت اپنے طرز عمل اور اقدامات کے حوالے سے دہشت گردی، تخریب کاری اور سازشوں پر یقین رکھتا ہے اور اپنے مذموم مقاصد کے لئے اپنے ہمسایہ ممالک کو غیر مستحکم کرنے اور انتشار پیدا کرنے کے لئے کسی حد تک بھی جا سکتا ہے۔ لہذا بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے اعترافات جہاں ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہیں وہاں ہماری وفاقی حکومت کی ذمہ داری بھی ہے کہ وہ بھارت کا مکروہ چہرہ اور بھیانک کردار کو عالمی سطح پر بے نقاب کرے اور اسکی تخریب کارانہ سرگرمیوں سے دنیا کو آگاہ کرے اور بتائے کہ پاکستان پر دہشت گردی کا الزام لگانے والی بھارتی قیادت دراصل خود دہشت گردی کو ابھارنے اور پھیلانے میں کردار ادا کر رہی ہے۔ لہذا اس کے کردار کا نوٹس لیا جانا چاہئے۔<br>یہ ایوان بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے اس طرز عمل کو شرمناک اور افسوس ناک قرار دیتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارت کے جارحانہ طرز عمل کے خلاف قومی لائحہ عمل کے تعین کے لئے فوری طور پر قومی قیادت کو اعتماد میں لے کر ایک موثر لائحہ عمل کا اعلان کرے۔" | 10 جون 2015 |
| 98. | 15 | رانا منور حسین<br>المعروف رانا منور غوث<br>خان<br>(PP-36) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ماڑی گورچانی ضلع راجن پور جو کہ انتہائی خوبصورت، ٹھنڈا اور صحت افزاء پہاڑی مقام ہے، کو باقاعدہ صحت افزاء مقام declare کیا جائے اور ماڑی گورچانی کو develope کرنے کے لئے ڈویلپمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے۔ ماڑی گورچانی کی ڈویلپمنٹ سے مری اور دوسرے شمالی علاقہ جات پر بوجھ بھی کم ہو جائے گا اور مالی سال 16-2015 کے بجٹ میں اسکی تعمیر و ترقی کے لئے فنڈز مختص کئے جائیں۔" | 11 جون 2015 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 99. | 15 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "یہ ایوان کراچی اور اندرون سندھ شدید گرمی کی وجہ سے سینکڑوں افراد کی ہلاکت پر انتہائی دُکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہے اور ہلاک ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔<br>یہ ایوان بجلی کی مجموعی پیداوار میں اضافہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو گزشتہ سالوں میں 12 سے 13 ہزار میگاواٹ کے درمیان تھی اور اب 15.5 سے 16.5 ہزار میگاواٹ تک ہوگئی ہے، نیز یہ ایوان وفاقی حکومت / وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی دوست ملک چین کے تعاون سے آئندہ سالوں (دسمبر 2017) تک بجلی کی پیداوار کو ملکی ضرورت کے لیول پر لانے اور لوڈشیڈنگ کے مکمل خاتمے کی کوششوں کو سراہتا ہے۔<br>مزید برآں یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ماہ رمضان میں سحری وافطاری کے اوقات میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔" | 24جون2015 |
| 100. | 15 | میاں محمد اسلم اقبال (PP-148) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان متحدہ قومی موومنٹ کے بارے میں غیر ملکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ پر تشویش کا اظہار کرتا ہے اور رپورٹ میں سامنے آنے والے الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔ ایم کیو ایم پر دہشت گردوں کی مدد کرنے اور انڈیا کی ایجنسی "را" سے تربیت حاصل کرنے کے الزامات پہلے بھی لگ چکے ہیں۔<br>لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اعلیٰ سطحی تحقیقاتی کمیشن قائم کیا جائے اور اگر الزامات سچ ثابت ہوں تو آرٹیکل (6) کے تحت الطاف حسین اور انکے ساتھیوں کا ٹرائل کیا جائے۔" | 26جون2015 |
| 101. | 16 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان اتوار مورخہ 16 اگست 2015 کو شادی خان، ضلع اٹک میں ہونے والے خود کش دھماکے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس سانحے میں اس ایوان کے رکن اور وزیرِ ماحولیات و داخلہ پنجاب کرنل (ریٹائرڈ) شجاع خانزادہ اور ڈی ایس پی شوکت علی شاہ سمیت متعدد دیگر افراد شہید ہوگئے اور بڑی تعداد میں لوگ زخمی بھی ہوئے۔ یہ ایوان اس المناک واقعے کو ایک قومی سانحہ قرار دیتا ہے اور ان شہداء اور زخمیوں کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔<br>کرنل (ریٹائرڈ) شجاع خانزادہ کا تعلق اٹک کے ایک معزز گھرانے سے تھا۔ وہ ایک نہایت دلیر شخص تھے۔ انہوں نے 1967 میں پاکستان آرمی میں کمیشن حاصل کیا اور اہم عہدوں پر خدمات سرانجام دیں جس پر انہیں 1988 میں تمغہ بسالت سے نوازا گیا۔ انہوں نے امریکا میں پاکستانی سفارت خانے میں بطور ملٹری اتاشی بھی خدمات سرانجام دیں۔<br>کرنل (ریٹائرڈ) شجاع خانزادہ اپنے علاقے کی نہایت پسندیدہ اور ہردلعزیز شخصیت تھے اور 2002 سے پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب ہوتے چلے آرہے تھے۔ 2013 میں مسلسل تیسری مرتبہ پنجاب اسمبلی کا رکن منتخب ہونے کے بعد وہ شہادت کے وقت صوبائی وزیرِ ماحولیات اور داخلہ کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے تھے اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں بہت فعال کردار ادا کر رہے تھے۔ سرزمینِ پنجاب کے اس بہادر سپاہی کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ یہ ایوان ایک بار پھر سیاسی و عسکری قیادت کو دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں اپنی حمایت اور تائید کا یقین دلاتا ہے۔<br>یہ ایوان تمام شہداء کے درجات کی بلندی کی دُعا کرتا ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعاگو ہے۔" | 26اگست2015 |
| 102. | 16 | جناب محمد وحید گل (PP-145) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان پاکستان کے سابق ہائی کمشنر واجد شمس الحسن کی جانب سے خبریں اخبار کو دیئے گئے اس بیان کی پُرزور مذمت کرتا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو نے مذہبی و دینی جماعتوں کے دباؤ پر مرزائیوں کو غیر مسلم و اقلیت قرار دینے کا جو فیصلہ کیا تھا وہ غلط تھا۔ یہ بیان نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی مذہبی و دینی جماعتوں اور اُمت مسلمہ میں شدید اشتعال اور دل آزاری کا سبب بنا ہے اور قومی اسمبلی کے متفقہ فیصلے کی توہین کی گئی ہے۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ واجد شمس الحسن کے خلاف آئین اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔" | 28اگست2015 |
| 103. | 16 | میاں محمد اسلم اقبال (PP-148) | "یہ ایوان ملک میں دہشت گردی کی سرگرمیوں کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف لڑنے والے اداروں اور شخصیات کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ دہشت گردی کے واقعات میں وطن عزیز کے لئے جان قربان کرنے والی شخصیات کو سرکاری طور پر شہید کے لقب سے پکارا جائے۔ نیز دہشت گردی میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین کو اُن کی سماجی اور مالی حیثیت کے مطابق مراعات دی جائیں۔" | 8ستمبر2015 |
| 104. | 16 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ جنوبی پنجاب میں حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے ضائع ہونے والی قیمتی انسانی جانوں، مویشی، گھر اور فصلوں کے نقصانات کے ازالہ کے لئے فوری طور پر ان کی بحالی اور متاثرین کی مکمل مدد کی جائے۔" | 8ستمبر2015 |
| 105. | 16 | جناب محمد سبطین خان (PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں حکومتی نرخوں کے مطابق حلال گوشت کی فروخت یقینی بنائی جائے۔" | 8ستمبر2015 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 106. | 16 | جناب رمیش سنگھ اروڑہ (NM-368) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی معاشی وسماجی ترقی کے لئے گرانقدر خدمات پر لاہور کی کسی اہم شاہراہ، یادگار یا سرکاری عمارت کو اُن کے نام سے منسوب کیا جائے۔" | 8 ستمبر 2015 |
| 107. | 16 | محترمہ خدیجہ عمر (W-361) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان ورکنگ باؤنڈری پر بھارت کی بلااشتعال فائرنگ اور نہتے شہریوں کے قتل عام کی مذمت کرتا ہے اور اس اقدام کو یو این چارٹر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر پوری قوم کی جانب سے پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ بھارت کی دہشت گردی اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کو عالمی سطح پر اٹھانے کے اقدامات کئے جائیں۔" | 8 ستمبر 2015 |
| 108. | 19 | میاں محمود الرشید لیڈر آف اپوزیشن | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان ملک بھر کے تمام صوبوں میں حال ہی میں ہونے والے دہشت گردی کے تمام واقعات خصوصاً 20 جنوری 2016 کو چارسدہ کی باچاخان یونیورسٹی میں ہونے والے دہشت گردی کے المناک واقعے کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس واقعے میں پروفیسر سید حامد حسین، عملے کے افراد اور طلباء سمیت کل 21 معصوم افراد شہید اور تقریباً 30 کے قریب افراد زخمی ہوئے۔ یہ ایوان اس المناک واقعے کو سانحہ قرار دیتا ہے۔ بے گناہ افراد کے اس افسوسناک قتل عام پر پوری قوم سوگوار ہے۔ یہ ایوان ان معصوم شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعاگو ہے۔<br>یہ ایوان ان سیکورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چاروں حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا اور اس طرح بہت سی جانوں کو بچالیا۔<br>یہ ایوان، افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی ادارے جو ان دہشت گردوں، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما ہیں، انہیں اپنی بھرپور تائید اور حمایت کا یقین دلاتا ہے۔ یہ ایوان ان ملک دشمن عناصر کے خلاف سیکورٹی اداروں کی جلد کامیابی کے لئے دُعاگو ہے۔" | 29 جنوری 2016 |
| 109. | 19 | راناثناءاللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 5 فروری 2016 کو یوم کشمیر کے موقع پر اپنے کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یکجہتی کرتا ہے اور انہیں اپنی اخلاقی اور سیاسی حمایت کا بھرپور یقین دلاتا ہے۔ قائداعظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہہ رگ قرار دیا تھا۔<br>یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیریوں کا حق خود ارادیت تسلیم کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں فوری طور پر استصواب رائے کرایا جائے۔ ان قراردادوں میں کشمیریوں سے وعدہ کیا گیا تھا کہ انہیں رائے شماری کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے گا۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت کے توسط سے عالمی برادری سے اپیل کرتا ہے کہ خطے میں امن کے قیام کو یقینی بنانے کے لئے بھارت پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ کشمیری عوام خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کو فوری طور پر بند کرے اور وہاں سے اپنی افواج کو واپس بلائے اور فی الفور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کرتے ہوئے کشمیر میں رائے شماری کروائے۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے بھی اپیل کرتا ہے کہ عالمی سطح پر کشمیریوں کی بھرپور سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کے سلسلے میں عملی کوششوں کو جاری رکھا جائے۔" | 5 فروری 2016 |
| 110. | 19 | راناثناءاللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان پاکستانی پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کو دہشت گردی کے خلاف جاری قومی مہم میں رائے عامہ کو ہموار کرنے اور قومی عزم کی بھرپور تائید وحمایت کرنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان میڈیا ہاؤسز اور ان سے منسلک صحافیوں اور دیگر عملہ کی طرف سے دی جانے والی قربانیوں اور شہادتوں کو خراج عقیدت بھی پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان میڈیا ہاؤسز پر حالیہ حملوں، جن میں 7 فروری 2016 کو City 42 اور اس سے پہلے دیگر چینلز جن میں دُنیا، جیو، دن اور ARY شامل ہیں، پر فائرنگ اور کریکر حملوں کی پُرزور مذمت کرتا ہے۔<br>یہ ایوان میڈیا سے متعلق تمام افراد اور صحافیوں کو ان کے اظہار رائے پر کسی بھی منفی انداز میں اثر انداز ہونے اور ان کو پیشہ وارانہ ذمہ داریوں سے روکنے کی تمام کوششوں کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور یہ قرار دیتا ہے کہ میڈیا کی آزادی ایک جمہوری معاشرے کے لئے بنیادی ضرورت ہے۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ صحافیوں اور میڈیا ہاؤسز کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔" | 8 فروری 2016 |
| 111. | 19 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ تعلیمی اداروں کا تحفظ ممکن بنایا جائے۔" | 9 فروری 2016 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 112. | 19 | جناب محمد سبطین خان (PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر کے تمام ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں بتدریج انجیوگرافی کی سہولت مہیا کی جائے۔" | 9فروری2016 |
| 113. | 19 | محترمہ نبیلہ حاکم علی خان (W-358) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ 16 دسمبر کو آرمی پبلک سکول پشاور کے شہید بچوں کے نام سے منسوب کرتے ہوئے اسے بچوں کا قومی دن قرار دیا جائے۔" | 9فروری2016 |
| 114. | 19 | جناب محمد سبطین خان (PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں غیر قانونی طور پر نصب سائن بورڈز کو فی الفور ہٹایا جائے۔" | 9فروری2016 |
| 115. | 19 | میاں محمود الرشید، لیڈر آف اپوزیشن | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پرائیویٹ سکولوں کی فیسوں میں کمی کے حکومتی فیصلہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔" | 9فروری2016 |
| 116. | 19 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ جھوٹے مقدمات اور ایف آئی آر کی روک تھام کے لئے متعلقہ قوانین میں موزوں ترامیم کی جائیں۔" | 9فروری2016 |
| 117. | 19 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "یہ ایوان پٹرول کی قیمت میں حالیہ 5 روپے فی لٹر کمی کے فیصلے کو تحسین کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اس حالیہ کمی کے بعد مجموعی طور پر پٹرول کی قیمت میں تقریباً 30 روپے فی لٹر کمی کی جاچکی ہے جس سے عام آدمی کو ریلیف ملا ہے جو موجودہ حکومت کی عوام دوستی کا ثبوت ہے۔<br>یہ ایوان امید کرتا ہے کہ وفاقی حکومت اس مد میں عوام کو مزید ریلیف فراہم کرنے کے لئے مزید اقدامات بھی کرے گی۔" | 9فروری2016 |
| 118. | 19 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ نادرا اور پاسپورٹ دفاتر میں خواتین کی تصاویر اتارنے کے لئے خواتین اہلکار تعینات کی جائیں۔" | 16فروری2016 |
| 119. | 19 | جناب رمیش سنگھ اروڑہ (NM-368) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ گورونانک دیوجی کے 547ویں یوم پیدائش کے موقع پر ڈاک ٹکٹ کا اجراء کیا جائے۔" | 16فروری2016 |
| 120. | 19 | رانا منور حسین المعروف رانا منور غوث خان (PP-36) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب کے تمام اضلاع خصوصاً ضلع راجن پور اور ضلع ڈیرہ غازیخان میں ہیپاٹائٹس کے بڑھتے ہوئے مرض کے علاج اور روک تھام کیلئے اقدامات کئے جائیں نیز ان اضلاع کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں ہیپاٹائٹس سنٹرز قائم کئے جائیں اور ان سنٹرز میں مریضوں کو ہیپاٹائٹس کے انجکشن / ادویات بلاقیمت مہیا کئے جانے کے انتظامات کئے جائیں۔" | 23فروری2016 |
| 121. | 19 | جناب محمد سبطین خان (PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے مزید ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔" | 23فروری2016 |
| 122. | 19 | شیخ علاؤالدین (PP-181) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کے فیصلے کے مطابق حج و عمرہ کو صرف اور صرف حکومتی ذمہ داری قرار دیا جائے اور پرائیویٹ حج و عمرہ ٹور آپریٹرز جو اب (Luxury) حج کا 15 لاکھ روپے تک وصول کر رہے ہیں کو اس اہم مذہبی ذمہ داری کو منافع بخش کاروباری حیثیت میں چلانے سے روکا جائے۔" | 23فروری2016 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 123. | 19 | محترمہ عظمیٰ زاہد بخاری<br>(W-318) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ تمام ٹی وی چینلز پر جرائم اور مقدمات کی Dramatization پر پابندی لگائی جائے۔" | 23فروری2016 |
| 124. | 20 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان اتوار 27مارچ 2016 کو گلشن اقبال پارک میں ہونے والے دہشت گردی کے المناک واقعے کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس واقعے میں بچوں اور خواتین سمیت 72 سے زائد معصوم قیمتی جانوں کا ضیاع اور تقریباً300 کے قریب افراد زخمی ہوئے۔ یہ ایوان اس المناک واقعے کو بڑا سانحہ اور اس حملے کو بزدلانہ کارروائی قرار دیتا ہے جس میں تفریح کے لئے آنے والے معصوم بچوں اور خواتین کو نشانہ بنایا گیا۔<br>یہ ایوان اس سانحہ کے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعا گو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعا گو ہے۔<br>یہ ایوان، افواج پاکستان، پولیس اور دیگر سکیورٹی ادارے جو ان دہشت گردوں، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما ہیں، انہیں اپنی بھرپور تائید اور حمایت کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی یقین دلاتا ہے کہ اس صوبہ کے دس کروڑ عوام اس جنگ میں اپنی Law Enforcement Agencies (پولیس، ایلیٹ فورس، کاؤنٹر ٹیررزم فورس، سول و عسکری Intelligence Agencies، رینجرز، افواج پاکستان کے جوانوں اور افسروں) کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔<br>یہ نمائندہ ایوان گلشن اقبال پارک میں رونما ہونے والے اس افسوسناک اور ظلم و بربریت کے واقعہ کے بعد دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کو مزید منظم اور تیز کرنے کی بھرپور ستائش کرتا ہے اور ان ملک دشمن عناصر کے خلاف سکیورٹی اداروں کی جلد کامیابی کیلئے دُعا گو ہے۔" | 30مارچ2016 |
| 125. | 20 | محترمہ حناء پرویز بٹ<br>(W-353) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں خواتین کو فنی تعلیم کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے مزید اقدامات کئے جائیں۔" | 5اپریل2016 |
| 126. | 20 | جناب محمد سبطین خان<br>(PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ جعلی دودھ تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔" | 5اپریل2016 |
| 127. | 20 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان پانامہ لیکس میں لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کے لئے وزیر اعظم کی طرف سے سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں کمیشن کی تشکیل کو ایک احسن فیصلہ قرار دیتا ہے اور ان بے بنیاد، سازشی، شیطانی لیکس کو بنیاد بنا کر احتجاج کرنے اور سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی کوششوں کی مذمت کرتا ہے۔" | 6اپریل2016 |
| 128. | 20 | جناب محمد سبطین خان<br>(PP-46) | "صوبہ بھر میں حالیہ طوفانی بارشوں اور ژالہ باری کے باعث ہزاروں ایکڑ مکئی، گندم اور چارے کی فصل کا شدید نقصان ہوا ہے۔ لہٰذا حکومت پنجاب کاشتکاروں کے لئے امدادی پیکج کا اعلان کرے۔" | 12اپریل2016 |
| 129. | 20 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی تشکیل نو میرٹ پر کی جائے۔" | 12اپریل2016 |
| 130. | 20 | ڈاکٹر نجمہ افضل خان<br>(W-320) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کی تمام یونیورسٹیوں کے شعبہ ذرائع ابلاغ میں اس حوالے سے تحقیق کو شامل کیا جائے کہ پاکستان کا اقوام عالم میں کس طرح سوفٹ امیج پیش کیا جا سکتا ہے۔" | 12اپریل2016 |
| 131. | 20 | محترمہ سعدیہ سہیل رانا<br>(W-355) | "صوبہ بھر میں بغیر لائسنس میڈیکل سٹور چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔" | 12اپریل2016 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 132. | 21 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان بنگلہ دیش میں امیر جماعت اسلامی بنگلہ دیش جناب مطیع الرحمٰن نظامی کو نام نہاد ٹربیونل کی طرف سے وفائے پاکستان کے جرم میں دی جانے والی موت کی سزا پر انتہائی تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے انصاف کا خون کرتے ہوئے سزائے موت کے خلاف ان کی اپیل مسترد کر دی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی جماعت اسلامی کے متعدد رہنماؤں کو بنگلہ دیش میں پاکستان کے ساتھ وفا کے جرم میں پھانسی کے پھندے پر لٹکایا جاچکا ہے۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس سے پہلے کہ حسینہ واجد کی ظالم حکومت سزائے موت پر عملدرآمد کرے اس معاملے کو فوری طور پر (او آئی سی) اور اقوام متحدہ کے اداروں میں اٹھایا جائے نیز جراتمندانہ سفارتکاری کرتے ہوئے اس ظلم کو رکوایا جائے۔" | 6 مئی 2016 |
| 133. | 21 | جناب محمد شعیب صدیقی (PP-147) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پاکستان کی صنعتوں کو ترقی دینے کے لئے بیرون ممالک خصوصاً بھارت سے کپڑے، زرعی آلات، جیولری اور آٹو سپیئر پارٹس کی پاکستان میں غیر قانونی درآمد (سمگلنگ) اور فروخت کو مزید سختی سے روکا جائے۔" | 10 مئی 2016 |
| 134. | 21 | چودھری عامر سلطان چیمہ (PP-32) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں تن سازی کے مقابلوں کی تیاری کے لئے ممنوعہ ادویات کے استعمال پر پابندی لگائی جائے اور سیٹرائیڈز ادویات تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے سزا مقرر کی جائے۔" | 10 مئی 2016 |
| 135. | 21 | محترمہ شمیلہ اسلم (W-312) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں child abuse کی روک تھام کے لئے child protection کا ایک chapter نصاب کا حصہ بنایا جائے۔" | 10 مئی 2016 |
| 136. | 21 | محترمہ راحیلہ خادم حسین (W-345) | "یہ ایوان ایبٹ آباد میں ہونے والے غیر انسانی، غیر شرعی اور غیر اخلاقی واقعہ جس میں جرگے نے ایک سولہ سالہ لڑکی کو زندہ جلا کر مارنے کا حکم دیا، جس کی تعمیل میں اسے وین میں بند کر کے تیل چھڑک کر آگ لگا دی گئی، جس سے وہ جل کر خاک ہوگئی۔ صوبہ خیبر پختونخواہ جو کہ نام نہاد انسانی اور خواتین کے حقوق کا علمبردار بنا ہوا ہے میں ہونے والے اس المناک واقعہ نے پوری دُنیا کی نسل انسانی کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔<br>انصاف کا بار بار چرچا کرنے والوں پر یہ ناانصافی انسانیت سوز اور عورت دشمن واقعہ نے خیبر پختونخواہ میں موجود نظام کو وہ آئینہ دیکھایا جسے دیکھ کر آج انسانیت شرمارہی ہے۔<br>یہ ایوان اس واقعہ کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ وفاقی حکومت خود ایکشن لیتے ہوئے ان نام نہاد جرگوں کے کئے ہوئے فیصلوں پر ایکشن لیں اور ایسے واقعات کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ کیونکہ لوگوں کا خیبر پختونخواہ حکومت سے اعتماد اٹھ چکا ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہولناک واقعہ ہے۔" | 10 مئی 2016 |
| 137. | 21 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "بنگلہ دیش میں جماعت اسلامی کے امیر 73 سالہ مطیع الرحمٰن نظامی کو پاکستان سے محبت کے جرم میں پھانسی کی سزا دینا نہایت افسوس ناک ہے کیونکہ بنگلہ دیش میں بھارتی ایماء پر پھانسیاں دی جارہی ہیں۔ یہ ایوان اس واقعہ کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور شہید ہونے والے امیر مطیع الرحمٰن نظامی کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بنگلہ دیش میں نام نہاد ٹربیونل کے ذریعے سیاسی مخالفین کو پھانسی دینے 45 سال پرانے زخموں پر نمک پاشی کرنے اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو اقوام متحدہ، انصاف اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں اور دوست و برادر اسلامی ممالک کے تعاون سے رکوانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔" | 11 مئی 2016 |
| 138. | 21 | جناب احمد خان بھچر (PP-45) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کے تمام R.H.Cs اور B.H.Us میں مِسنگ فیسلِٹی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔" | 17 مئی 2016 |
| 139. | 21 | ڈاکٹر نوشین حامد (W-356) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ cervical cancer کی روک تھام کیلئے ویکسینیشن، مفت ٹیسٹ اور علاج کی سہولت کی فراہمی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اس مرض کی آگہی مہم کا اہتمام بھی کیا جائے۔" | 17 مئی 2016 |
| 140. | 21 | جناب احمد خان بھچر (PP-45) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ کپاس کی جعلی ادویات اور ناقص بیج کی روک تھام کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔" | 17 مئی 2016 |
| 141. | 21 | محترمہ ناہید نعیم (W-359) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں غیر معیاری مشروبات تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔" | 17 مئی 2016 |

| تاریخ منظوری | متن قرارداد | محرک | اجلاس نمبر | قرارداد نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 20مئی2016 | "CTD پنجاب نے حالیہ دنوں میں دوسری Civil & Law Enforcing Agencies کے ساتھ جن میں پولیس، رینجرز، آرمی اور Intelligence Agencies (ISI, MI, IB) شامل ہیں کے ساتھ Joint Operation کرتے ہوئے پنجاب اور بالخصوص جنوبی پنجاب (ملتان، مظفر گڑھ) سے دہشت گردی کے ایک انتہائی خطرناک نیٹ ورک کا سراغ لگا کر ایک درجن سے زائد خطرناک دہشت گردوں کو ہلاک کیا ہے یہ دہشت گرد انتہائی مطلوب تھے اور ان کے سروں کی قیمت مقرر تھی۔<br>یہ ایوان، اس کامیابی پر اپنی تمام Law Enforcing Agencies کے افسروں اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس قابل فخر کارروائی پر سلام پیش کرتا ہے ایسی مثبت /کامیاب کارروائیوں، operation سے پنجاب مزید محفوظ اور ضرب عضب کی کامیابی یقینی نظر آرہی ہے اور وہ وقت دور نہیں جب پاکستان سے دہشت گردی کا صفایا ہو جائے گا اور پاکستان ایک پُر امن، دہشت گردی سے پاک اور ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔<br>یہ ایوان اس کامیابی پر Law Enforcing Agencies کے ساتھ ساتھ پنجاب حکومت، وزیر اعلیٰ پنجاب، عسکری قیادت جنرل راحیل شریف اور وزیر اعظم پاکستان کے دہشت گردی کے خلاف عزم کو سراہتا ہے اور کامیابی کے لئے دُعا گو ہے۔" | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | 21 | 142. |
| 23مئی2016 | "امریکہ کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ مورخہ 22مئی2016 کو کئے جانے والے ڈرون حملے میں ملا منصور اختر ہلاک ہو گیا ہے۔ اس طرح کے ڈرون حملے پاکستان کی سالمیت کے لئے سوالیہ نشان ہیں۔ ہم اسے پاکستان کی آزادی اور خود مختاری پر حملہ تصور کرتے ہیں۔<br>نیز یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ امریکی سفیر کو دفتر خارجہ طلب کر کے اپنا احتجاج ریکارڈ کروائے اور آئندہ اس طرح کے حملوں سے باز رہنے کا پابند کرے۔" | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | 21 | 143. |
| 24مئی2016 | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مُلا عبدالقادر، مولانا قمر الزمان، صلاح الدین قادر چودھری، مولانا مطیع الرحمان نظامی اور علی احسن مجاہد جنہیں پاکستان سے محبت کی وجہ سے بنگلہ دیش میں پھانسی دے کر شہید کیا گیا، کو نشان پاکستان دیا جائے۔" | شیخ علاؤالدین<br>(PP-181) | 21 | 144. |
| 24مئی2016 | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کے خصوصی بچوں کے لئے یونیورسٹی قائم کی جائے۔" | جناب احمد خان بھچر<br>(PP-45) | 21 | 145. |
| 24مئی2016 | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب بھر کے متعلقہ بورڈ سے الحاق شدہ یا منظور شدہ تعلیمی اداروں میں تعلیمی سال کا آغاز گورنمنٹ کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق کیا جائے۔" | محترمہ گلناز شہزادی<br>(W-329) | 21 | 146. |
| 24مئی2016 | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں غیر قانونی کمیٹیوں کے ذریعے سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور اس کاروبار کو بند کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں۔" | چودھری عامر سلطان<br>چیمہ<br>(PP-32) | 21 | 147. |
| 24مئی2016 | "یہ ایوان رمضان المبارک سے قبل مہنگائی کی موجودہ لہر پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ جس سے روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ سے رمضان بازاروں کی افادیت ختم ہو جائے گی۔ لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت ذخیرہ اندوزوں کا کارٹل (گٹھ جوڑ) توڑے اور ان کے خلاف ضروری ٹھوس اقدامات کرے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کو فی الفور واپس لیا جائے۔" | محترمہ خدیجہ عمر<br>(W-361) | 21 | 148. |
| 24مئی2016 | "یہ ایوان امریکہ کی طرف سے ڈرون حملے جاری رکھنے کے اعلان کو انتہائی تشویشناک قرار دیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کرتا ہے اور وزیر اعظم پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ تمام قومی راہنماؤں کو اعتماد میں لے کر اپنی آزادی و خود مختاری کے بارے میں جرات مندانہ حکمتِ عملی کا اعلان کریں۔" | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | 21 | 149. |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 150. | 21 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان صوبائی دارالحکومت میں اورنج لائن میٹروٹرین کے زیر تکمیل منصوبے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس امر پر مسرت اور اطمینان کا اظہار کرتا ہے کہ قومی اقتصادی کونسل کی مجلس عاملہ کی طرف سے منظور شدہ ٹرانسپورٹ کے اس پراجیکٹ کے ذریعے صوبہ کے طالب علموں، استادوں، محنت کشوں، وکیلوں، ڈاکٹروں، سرکاری ملازموں الغرض ایک عام آدمی کو ٹرانسپورٹ کی سستی، آرام دہ، محفوظ اور جدید ترین سہولت میسر آسکے گی۔ اس منصوبے سے ابتداء میں اڑھائی لاکھ اور بعد ازاں پانچ لاکھ افراد روزانہ سفر کریں گے۔<br>یہ ایوان سمجھتا ہے کہ یہ منصوبہ صوبائی دارالحکومت میں نہ صرف ٹریفک کے سنگین مسائل کو حل کرنے میں مددگار ہوگا بلکہ اس سے ماحولیاتی آلودگی میں بھی کمی آئے گی۔<br>پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان اورنج لائن میٹروٹرین منصوبے کے لئے سرمایہ کاری پر عظیم دوست ملک عوامی جمہوریہ چین کی حکومت اور اس کے عوام کا تہہ دل سے شکر گزار ہے اور اس ضمن میں 33 ارب روپے کی خطیر رقم پر مبنی پہلی قسط کی فراہمی پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہے۔<br>پنجاب اسمبلی کے اس ایوان کے نزدیک یہ امر خوش آئند ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دوملکوں کی حکومتوں کے درمیان ہونے والے کسی معاہدے پر مبنی منصوبے کے لئے ٹینڈرنگ کا عمل بروئے کار لایا گیا ہے۔ یہ ایوان اس ٹینڈرنگ کے نتیجے میں اورنج لائن منصوبے میں 78.50 ارب روپے کی خطیر بچت کو تحسین کی نظروں سے دیکھتا ہے۔<br>پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان اس امر کا خواہاں ہے کہ صوبائی حکومت اور اس کے ادارے اس پراجیکٹ کی بروقت تکمیل کے لئے تمام ضروری قانونی، مالیاتی اور انتظامی اقدامات بروئے کار لائیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ اورنج لائن میٹروٹرین پراجیکٹ 2017ء کے اختتام تک مکمل ہو جائے۔" | 24 مئی 2016 |
| 151. | 22 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "یہ ایوان کراچی میں دہشت گردی کی حالیہ لہر، جس میں بے گناہ شہریوں کو قتل اور اغواء کیا جارہاہے، کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور معروف قوال امجد فرید صابری کی شہادت پر شدید رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور دُعا گو ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ یہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے دہشت گردی کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ کیا جائے۔<br>پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان نامور قوال امجد فرید صابری کے بہیمانہ قتل کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے سندھ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے واقعہ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتا ہے۔<br>یہ ایوان وفاقی / صوبائی حکومتوں اور تمام متعلقہ اداروں کی طرف سے دہشت گردی کے خلاف کی جانے والی کوششوں اور دی جانے والی قربانیوں پر ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور دہشت گردی کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کو مزید تیز کرنے پر زور دیتا ہے تاکہ ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینکا جاسکے۔" | 23 جون 2016 |
| 152. | 23 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان سوموار 8 اگست 2016 کو سول ہسپتال کوئٹہ میں ہونے والے دہشت گردی کے المناک واقعے کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ اس واقعے میں بڑی تعداد میں وکلاء، میڈیا کے نمائندوں اور عام شہریوں سمیت 70 سے زائد معصوم افراد شہید اور 100 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے۔ یہ ایوان اس المناک واقعے کو قومی سانحہ اور اس حملے کو بزدلانہ کارروائی قرار دیتا ہے اور اس سانحہ کے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعا گو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعا گو ہے۔<br>یہ ایوان، اس سانحہ میں ملوث دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور دہشت گردی کے ذمہ دار تمام افراد، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما افواج پاکستان، پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کی جلد کامیابی کی دُعا کرتا ہے۔" | 22 اگست 2016 |
| 153. | 23 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان 8 جولائی 2016 کو ممتاز سماجی کارکن، مولانا عبدالستار ایدھی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتا ہے۔ مرحوم سماجی اور فلاحی خدمات کے حوالے سے نہ صرف پاکستان میں بلکہ دُنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ ان کی خدمات پر انہیں ملکی وغیر ملکی سطح پر بے شمار اعزازات سے نوازا گیا۔ یہ ایوان اُن کی بے مثال فلاحی و سماجی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ اُن کا قائم کردہ ادارہ، ایدھی فاؤنڈیشن اُن کے مشن کو جاری رکھے گا۔" | 22 اگست 2016 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 154. | 23 | راناثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان 15 اگست 2016 کو بلوچستان، آزاد کشمیر، خیبر پختونخواہ اور گلگت کے بارے میں بھارتی وزیر اعظم کے بیان کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔ اس بیان نے پاکستان میں بھارتی مداخلت کے حوالے سے پاکستانی موقف کی تائید کر دی ہے۔ نریندر مودی کا یہ بیان بھارت کی جانب سے سرکاری سطح پر نہ صرف اعتراف جرم بلکہ بھارت کے خلاف چارج شیٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے کو عالمی سطح پر اٹھایا جائے اور بھارت پر سفارتی دباؤ ڈالا جائے کہ وہ آئندہ پاکستان میں مداخلت سے باز رہے۔" | 23اگست 2016 |
| 155. | 23 | محترمہ نبیلہ حاکم علی خان<br>(W-358) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ گردوں، کینسر، ہیپاٹائٹس اور دیگر امراض کی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کو فی الفور واپس لیا جائے۔" | 23اگست 2016 |
| 156. | 23 | راناثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان 22 اگست 2016 کو ایم کیو ایم کے سربراہ الطاف حسین کی جانب سے وطن عزیز پاکستان کے بارے میں ناپاک اور شر انگیز الفاظ کی شدید مذمت کرتا ہے اور اسے قومی مجرم اور غداری کا مرتکب قرار دیتا ہے۔ وطن عزیز پاکستان کے خلاف ایسے الفاظ جو پاکستان کی سالمیت اور قومی امنگوں کے خلاف ہیں وہ ملک سے غداری کے مترادف ہیں۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس قومی جرم میں شامل تمام ذمہ دار افراد کے خلاف غداری کا مقدمہ قائم کیا جائے۔<br>یہ ایوان احتجاج کی آڑ میں میڈیا ہاؤسز پر حملے، توڑ پھوڑ اور ان کے عملے پر تشدد کی بھی پُرزور مذمت کرتا ہے، اسے آزادی صحافت اور آزادی اظہار پر حملہ قرار دیتا ہے اور صحافی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہے۔ اس موقع پر پوری قوم نے جس اتفاق اور عظیم الشان یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے جس پر یہ ایوان پوری قوم کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان ایسے عناصر کو تنبیہ کرتا ہے جو انتشار، افراتفری اور وطن عزیز میں عدم استحکام پیدا کر کے پاکستان کی ترقی اور اقوام عالم میں اپنے مقام کو حاصل کرنے سے محروم کرنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں کہ وہ جمہوری رویوں کو اپنائیں کیونکہ وطن عزیز پاکستان میں اب انتشار اور تشدد کی کوئی گنجائش نہیں۔" | 23اگست 2016 |
| 157. | 23 | ڈاکٹر سید وسیم اختر<br>(PP-271) | اس ایوان کی رائے ہے کہ بہاولپور میں واسا کا جلد از جلد قیام یقینی بنایا جائے۔ | 30اگست 2016 |
| 158. | 23 | محترمہ فائزہ مشتاق<br>(W-299) | اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب بھر کی تمام پبلک ٹرانسپورٹ میں خصوصی افراد کی وہیل چیئرز کیلئے ریمپ (Ramp) بنائے جائیں۔ | 30اگست 2016 |
| 159. | 23 | میاں مناظر حسین رانجھا<br>(PP-31) | اس ایوان کی رائے ہے کہ حلقہ پی پی۔31 ضلع سرگودھا میں دریائے چناب کے مغربی کنارے کے ساتھ واقع دیہات میانہ ہزارہ، تخت ہزارہ، سیکدے، کوٹ شہابل اور بریانہ جو اس وقت دریائے چناب کے کٹاؤ کا شکار ہیں کو محکمہ آبپاشی کی وساطت سے پتھر ڈال کر مضبوط کیا جائے تاکہ کسانوں کی قیمتی اراضی دریابُرد ہونے سے محفوظ ہو سکے۔ | 30اگست 2016 |
| 160. | 23 | جناب احمد خان بھچر<br>(PP-45) | اس ایوان کی رائے ہے کہ شہر بھر میں نکاسی آب میں سب سے بڑی رکاوٹ نالوں میں پھینکا جانے والا کوڑا کرکٹ ہے۔ لہٰذا یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ موسم برسات میں ڈرینوں کی ہفتہ وار صفائی ممکن بنائی جائے۔ | 30اگست 2016 |
| 161. | 23 | راناثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 2 ستمبر 2016 کو پشاور وارسک روڈ پر کرسچن کالونی میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعہ کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ یہ ایوان اس سانحہ کے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعا گو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعا گو ہے۔<br>اس ایوان کی رائے ہے کہ یہ حملہ ایک بزدلانہ کارروائی تھا جس میں اقلیتوں کو نشانہ بنا کر پاکستان کو عالمی سطح پر بدنام کرنے کی مذموم سازش کی گئی لیکن قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بروقت کارروائی کر کے اس سازش کو ناکام بنا دیا۔ یہ ایوان ان اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور آئندہ بھی ان کی کامیابی کے لئے دُعا گو ہے۔" | 2ستمبر 2016 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 162. | 24 | رانا ثناءاللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان مقبوضہ کشمیر میں حالیہ بھارتی مظالم کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ کشمیری حریت پسند نوجوان راہنما برہان الدین وانی کی بھارتی فوج کے ہاتھوں شہادت اور اس کے بعد تحریک آزادی کشمیر میں نئی جان پڑنے سے بھارتی حکومت کی بدحواسی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس کی ظالم فوج کے ہاتھوں درجنوں بے گناہ کشمیری شہید کر دیئے گئے اور بے شمار کو پیلٹ گن سے انتہائی بہیمانہ طریقے سے زخمی اور نابینا کر دیا گیا۔ اس طرح اس تحریک کو دبانے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے۔ بھارتی حکومت اور اس کی فوج نے انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں بکھیر دی ہیں۔<br>یہ ایوان دُنیا کو یہ پیغام دیتا ہے کہ مسئلہ کشمیر پر پوری قوم یکجا ہے اور اس معاملے پر بغیر کسی سیاسی و مذہبی وابستگی کے حکومت کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔<br>یہ ایوان مسئلہ کشمیر کی آڑ میں بھارت کی جانب سے سرجیکل سٹرائیک کے جھوٹے دعوے کی بھی مذمت کرتا ہے جس پر بھارت کو نہ صرف عالمی برادری بلکہ خود اپنے ملک میں بھی شرمندگی اور خفت اٹھانا پڑی۔ اس ایوان کی مسلمہ رائے ہے کہ پاکستان کی فوج، جو دُنیا کی بہترین مسلح فوج مانی جاتی ہے، کی موجودگی میں بھارتی بزدل افواج سرجیکل سٹرائیک کرنے کی جرات نہیں کرسکتیں۔ یہ ایوان لائن آف کنٹرول پر بلااشتعال بھارتی بارڈر فورس کی فائرنگ کی بھی مذمت کرتا ہے اور پاکستانی افواج کی جانب سے اس کے منہ توڑ جواب پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہے۔<br>اس ایوان کی یہ بھی رائے ہے کہ کشمیر نہ صرف پاکستان کی شہ رگ بلکہ تقسیم برصغیر کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ یہ ایوان مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیریوں کا حق خودارادیت تسلیم کرتے ہوئے ریاست جموں و کشمیر میں فوری طور پر استصواب رائے کرایا جائے، پوری ریاست سے فوجوں کا انخلا کیا جائے اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔<br>یہ ایوان اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ سے اپنی ہی پاس کردہ قراردادوں پر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔" | 14اکتوبر2016 |
| 163. | 24 | ڈاکٹر سید وسیم اختر<br>(PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے ہر ضلع میں کم از کم ایک یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے۔" | 18اکتوبر2016 |
| 164. | 24 | جناب ممتاز احمد قیصرانی<br>(بھٹو خان)<br>(PP-240) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ رمق ضلع ڈیرہ غازی خان سے کشمور تک براستہ راجن پور انڈس ہائی وے کو دورویہ کیا جائے تاکہ آئے روز پیش آنے والے ٹریفک حادثات سے بچا جاسکے۔" | 18اکتوبر2016 |
| 165. | 25 | رانا ثناءاللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان لائن آف کنٹرول پر جاری حالیہ بھارتی جارحیت کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ تحریک آزادی کشمیر میں نئی جان پڑنے کے بعد سے بھارتی حکومت بدحواسی کا شکار ہے اور اس کی ظالم فوج کے ہاتھوں درجنوں بے گناہ کشمیری شہید ہوچکے ہیں اور بے شمار کو پیلٹ گن کے استعمال سے نابینا اور زخمی کیا جاچکا ہے۔ اب بھارتی سیکورٹی فورسز ان واقعات سے عالمی توجہ ہٹانے کے لئے اپنی روائتی بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہری آبادی پر مسلسل بلااشتعال فائرنگ کررہی ہیں اور پاک فوج کے ساتھ ساتھ معصوم بچوں سمیت عام شہریوں کو اپنی جارحیت کا نشانہ بناکر بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کی مرتکب ہورہی ہیں۔ یہاں تک کہ بسوں اور ایمبولینس پر بھی حملے کئے جارہے ہیں۔<br>یہ ایوان بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور شہید ہونے والے فوجی افسران اور جوانوں کی شجاعت کو سلام پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان بھارتی جارحیت کے نتیجے میں ہونے والی سول اور فوجی شہادتوں پر اظہار غم کرتا ہے اور شہداء کی بلندی درجات کے لئے دُعاگو ہے۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھایا جائے اور عالمی برادری کے ذریعے بھارتی جارحیت اور اس کے جارحانہ عزائم کا نوٹس لے کر اسے بین الاقوامی قوانین کی پابندی پر مجبور کیا جائے۔" | 24نومبر2016 |
| 166. | 26 | محترمہ فائزہ مشتاق<br>(W-299) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ پیمرا تمام کارٹون نیٹ ورکس کی ہندی ڈبنگ کو بین کرنے کے اقدامات کرے کیونکہ ہندی زبان کی ثقافتی یلغار ہمارے بچوں کی زبان بگاڑ رہی ہے۔ نیز اردو زبان میں ڈبنگ کو لازمی بنایا جائے۔" | 24جنوری2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 167. | 26 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ وفاق کی طرح پنجاب کے اسکولز اور کالجز میں بھی مسلمان طلباء وطالبات کے لئے ناظرہ اور باترجمہ قرآن پاک کی تعلیم کو رائج کرنے کے لئے فی الفور اقدامات کئے جائیں۔" | 24جنوری2017 |
| 168. | 26 | محترمہ شازیہ کامران (W-304) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ سوامی نگر لاہور میں واقع بے نام "ہسپتال امراض چشم" کا نام "میاں شجاع الرحمٰن ہسپتال برائے امراض چشم" رکھا جائے۔" | 24جنوری2017 |
| 169. | 26 | ملک تیمور مسعود (PP-8) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں جعلی اور مضر صحت دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔" | 24جنوری2017 |
| 170. | 26 | ڈاکٹر مراد راس (PP-152) | "یہ ایوان حکومت پاکستان سے سفارش کرتا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی کے حالات وواقعات پر سرکاری ویب سائٹ بنائی جائے تاکہ قائداعظم کے افکار وخیالات لوگوں تک بآسانی پہنچ سکیں۔" | 31جنوری2017 |
| 171. | 26 | محترمہ نبیلہ حاکم علی خان (W-358) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بچوں کی تفریح کے نام پر گلی محلوں میں چلنے والی ویڈیو گیمز کی دکانوں کے ذریعے بچوں کی ذہنی صحت اور کردار کو خراب کیا جارہا ہے۔ اس اقدام کو آہنی ہاتھوں سے روکا جائے۔" | 31جنوری2017 |
| 172. | 26 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "یہ ایوان اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ مال روڈ پر آئے روز احتجاج کی وجہ سے ٹریفک جام اور دیگر مسائل سے بچنے کی خاطر احتجاج کے لئے ناصر باغ یا کوئی اور جگہ مخصوص کردی جائے، جہاں لوگ اپنا احتجاج ریکارڈ کرا سکیں۔" | 31جنوری2017 |
| 173. | 26 | رانا ثناءاللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر فی الفور عمل درآمد کیا جائے اور ان قراردادوں کی روشنی میں ریاست جموں وکشمیر میں فوری طور پر استصواب رائے کرایا جائے۔ نیز پوری ریاست سے بھارتی قابض افواج کا انخلا کیا جائے اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔ یہ ایوان عالمی برادری سے کشمیریوں کی بھرپور سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کی اپیل کرتا ہے۔ یہ ایوان اپنے کشمیری بھائیوں کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے حصول تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یہ ایوان تحریک آزادی کشمیر کے شہداء کے درجات کی بلندی اور تحریک آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔" | 6فروری2017 |
| 174. | 26 | ڈاکٹر عالیہ آفتاب (W-338) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں کارخانوں میں گندے اور کیمیکل ملے آلودہ پانی سے عوام الناس اور چرند پرند کو بچانے کے لئے قانون کے مطابق ٹریٹمنٹ پلانٹس لازمی نصب کئے جائیں۔" | 7فروری2017 |
| 175. | 26 | ڈاکٹر نوشین حامد (W-356) | "یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ٹریفک کے بڑھتے ہوئے اژدھام کے پیش نظر تمام بڑی سڑکوں کے ساتھ سروس روڈ بنائے جائیں اور موٹر سائیکل / سائیکل سوار کو سروس روڈ پر چلنے کا پابند کیا جائے تاکہ ٹریفک منظم طریقے سے رواں رہے۔" | 7فروری2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 176. | 27 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان ملک بھر میں ہونے والے دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ 12 فروری 2017 کو کراچی میں نجی ٹی وی چینل کی گاڑی پر ہونے والے حملے میں اسسٹنٹ کیمرا مین جاں بحق ہوگیا، 13 فروری 2017 کو فیصل چوک لاہور پر ہونے والے خودکش حملے میں ڈی آئی جی ٹریفک، کیپٹن (ریٹائرڈ) سید احمد مبین اور ایس ایس پی، ذوالفقار گوندل سمیت 13 اہلکاران اور شہری شہید ہوئے اور 85 افراد زخمی ہوئے۔ 15 فروری 2017 کو مہمند ایجنسی میں ایک سرکاری دفتر پر حملے میں پانچ افراد شہید ہوئے اور اسی روز پشاور میں جج حضرات کی گاڑی پر خودکش حملے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ 16 فروری 2017 کو سیہون شریف میں حضرت لال شہباز قلندر کے مزار پر خودکش حملے میں 85 زائرین شہید اور 200 سے زائد زائرین زخمی ہوئے۔ گزشتہ رات یعنی 5 اور 6 مارچ 2017 کی درمیانی شب بھی مہمند ایجنسی کے علاقہ میں واقع پاک افغان بارڈر پر دہشت گردوں نے حملہ کیا اور پاک افواج کی جوابی فائرنگ سے 10 دہشت گرد ہلاک ہوگئے البتہ اس حملے میں پانچ فوجی اہلکاران نے بھی جام شہادت نوش کیا۔<br>یہ ایوان تمام شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دُعا گو ہے۔ نیز یہ ایوان شہید ہونے والے سیکورٹی اداروں کے افسران اور اہلکاران کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان، ان واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور دہشت گردی کے ذمہ دار تمام افراد، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما افواج پاکستان، پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کی جلد کامیابی کی دُعا کرتا ہے۔ یہ ایوان دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشن ردالفساد کی بھرپور تائید اور حمایت بھی کرتا ہے۔" | 7مارچ2017 |
| 177. | 27 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان لاہور میں ہونے والے پاکستان سپر لیگ کے فائنل کے کامیاب انعقاد پر اظہار مسرت کرتا ہے۔ اس موقع پر قومی یکجہتی کا شاندار مظاہرہ دیکھنے میں آیا اور پوری قوم نے جس طرح دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر جذبہ حب الوطنی کا مظاہرہ کیا، وہ یقیناً قابل تعریف ہے۔ اس اقدام سے دُنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تاثر اُبھارنے میں بہت مدد ملی ہے اور مستقبل میں انٹرنیشنل کرکٹ کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ فائنل کے انعقاد سے پاکستان کو تنہا قرار دیئے جانے کا تاثر غلط ثابت ہوگیا اور پاکستان کے مخالفوں کو واضح پیغام بھی مل گیا۔ یہ ایوان اس کامیابی پر حکومت پنجاب، پاکستان کرکٹ بورڈ، سیکورٹی اداروں اور تمام متعلقہ اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔" | 7مارچ2017 |
| 178. | 27 | محترمہ عظمیٰ زاہد بخاری<br>پارلیمانی سیکرٹری | "پاکستانی خواتین جہاز چلانے سے لیکر محنت کشی کرنے تک ہر جگہ اس ملک اور معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ دُنیا میں ہر جگہ خواتین کو اپنا کردار منوانے کیلئے مختلف چیلنجز کا مقابلہ بھی کرنا پڑتا ہے لیکن انکی زندگی جہد مسلسل سے عبارت ہے۔<br>صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کے حقوق کی خاطر جدوجہد کرنے والی تمام معزز خواتین کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ خواتین کی آزادی اور بااختیار ہونے کے بغیر کوئی معاشرہ فلاحی معاشرہ نہیں بن سکتا۔<br>یہ ایوان خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ خواتین کے حقوق اور انہیں بااختیار بنانے کی ہر کوشش کی حمایت کی جائے گی۔<br>یہ ایوان خواتین کے استحصال کی روک تھام کے لئے حکومت پنجاب کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات جن میں تحفظ خواتین قانون کی منظوری، وراثت کے قوانین میں ترامیم، Violence Against Women سنٹرز کا قیام اور فیصلہ سازی میں تمام خواتین کو 33٪ نمائندگی دینا شامل ہیں، پر حکومت کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتا ہے۔<br>صوبہ پنجاب میں خواتین کے حوالے سے بہت بہتر اقدامات کئے جارہے ہیں لیکن ان پر عمل درآمد اور مزید بہتری کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے جسکی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔<br>ہم اس ایوان میں اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ خواتین کی نمائندگی میں بہتری لانے، صنفی مساوات کو فروغ دینے، تشدد میں کمی لانے اور انہیں معاشرے میں جائز مقام دلوانے کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔" | 9مارچ2017 |
| 179. | 27 | ڈاکٹر سید وسیم اختر<br>(PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بہاولپور میں جلد از جلد انڈسٹریل زون قائم کیا جائے تاکہ علاقہ ترقی کرسکے اور بڑھتی ہوئی بیروزگاری میں کمی آسکے۔" | 14مارچ2017 |
| 180. | 27 | ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ<br>(PP-28) | "عرصہ دراز سے دریائے جہلم پر چک نظام کے مقام پر پل کی تعمیر کا منصوبہ تھا کہ ضلع جہلم اور ضلع سرگودھا کے درمیان مسافت میں تقریباً ایک سو کلومیٹر کی کمی ہوسکے لیکن طویل عرصہ گزرنے کے باوجود ابھی تک یہ پل تعمیر نہیں ہوسکا۔ یہ ایوان حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ دریائے جہلم پر چک نظام کے مقام پر فی الفور پل تعمیر کیا جائے۔" | 14مارچ2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 181. | 27 | محترمہ خدیجہ عمر (W-361) | "پاکستان دُنیا کا واحد ملک ہے جو لَاالٰہَ اِلّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ کی بنیاد پر قائم ہوا۔ پاکستان کا آئین و قانون تمام انبیائے کرام علیہم السلام بالخصوص امام الانبیاء خاتم النبیین والمرسلین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم، تمام مقدس شخصیات رحمہم اللہ اور شعائر اسلام کے تحفظ کی ذمہ داری لیتا ہے۔ تعزیرات پاکستان میں دفعات 295-A تا 295-C ان ہی مقدس شخصیات و شعائرِ اسلام کے تحفظ کے لئے شامل کی گئی ہیں۔ حالیہ دنوں میں کچھ ناعاقبت اندیش افراد اس قانون کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے شعائرِ اسلام کی عموماً اور امام الانبیاء خاتم النبیین والمرسلین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم کی خصوصاً توہین کرکے اپنے ناپاک عزائم کو فروغ دیتے ہوئے فسادات کی آگ کو بھڑکانے کی پوری کوشش میں مصروف ہیں اور امت مسلمہ کے ایمان پر رقیق حملے کرکے پاکستان میں نئے فسادات کو جنم دینے کے لئے کوشاں ہیں۔<br>ہمارا آئین اور قانون جہاں ہر قسم کی آزادی اظہارِ رائے کا حق دیتا ہے وہاں انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم سمیت کسی بھی مقدس شخصیت کی توہین کی قطعاً اجازت نہیں دیتا۔ وقت کا تقاضا یہ ہے کہ جو بدبخت افراد اور ان کے سہولت کار سوشل میڈیا پر کسی بھی طریقے سے شان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم، دیگر مقدس شخصیات اور قرآن پاک جیسی مقدس کتاب کی توہین کے مرتکب ہو رہے ہیں، ان کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی کرکے ان کے نام منظر عام پر لائے جائیں اور ان کو نشان عبرت بنایا جائے۔<br>صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اللہ عزوجل اور خاتم النبیین والمرسلین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو راضی کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ایسے گستاخانہ اقدامات کو روکنے کے لئے متعلقہ محکمہ C-295 کے تحت ایسے افراد اور ان کے سہولت کاروں کو نشان عبرت بنائے اور سوشل میڈیا سمیت دیگر تمام ایسے ذرائع کے حوالے سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ایک سخت مانیٹرنگ سسٹم قائم کیا جائے نیز سوشل میڈیا پر ایسے تمام لنک اور پیجز فوری طور پر بلاک کئے جائیں اور مرتکبین کے خلاف مثالی کارروائی کرتے ہوئے ان کو ایسی سزا دی جائے کہ آئندہ کوئی ایسی ناپاک حرکت کی جرآت نہ کر سکے۔ | 14 مارچ 2017 |
| 182. | 28 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "یہ معزز ایوان وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان، محمد نواز شریف کی متحرک، فعال اور مدبرانہ قیادت پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔ یہ ایوان مسرت کے ساتھ اس حقیقت کا اظہار کرتا ہے کہ وطن عزیز کی تعمیر و ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کے لئے وزیراعظم کی قیادت ہی اُمید و یقین کی روشن مشعل ہے۔ وزیراعظم محمد نواز شریف نے ملک کو توانائی کے بحران سے نکالنے، امن و امان سے ہم کنار کرنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لئے انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ سی پیک کا تاریخی منصوبہ اُن کے نام کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا جو ملک کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ ایوان ایسے عناصر کی سرگرمیوں کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو ملک کو انتشار، بے یقینی اور انارکی میں دھکیلنے کی مسلسل کوششیں کر رہے ہیں۔ یہ ایوان محسوس کرتا ہے کہ اب تمام سیاسی قوتوں کو اپنی پوری توجہ 2018ء کے انتخابات پر مرکوز کر دینی چاہیئے تاکہ وزیراعظم محمد نواز شریف کی حکومت پوری یکسوئی کے ساتھ اپنی توانائیاں ملکی تعمیر و ترقی کے لئے وقف کر دے۔" | 24 اپریل 2017 |
| 183. | 28 | چودھری اشرف علی انصاری (PP-93) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کے تمام ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو فضلہ تلف کرنے کیلئے بتدریج Incinerators فراہم کئے جائیں۔" | 25 اپریل 2017 |
| 184. | 28 | محترمہ ارم حسن باجوہ (W-344) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے ہوئے جان قربان کرنے والے پولیس ملازمین کو جاں بحق کی بجائے شہید لکھا جائے اور انہیں شہید کا رُتبہ دیا جائے۔" | 25 اپریل 2017 |
| 185. | 28 | جناب شہزاد منشی (NM-369) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ خصوصی طور پر "رکشہ" کے پیچھے لگائے گئے غیر اخلاقی اور غیر مہذب اشتہارات کے خلاف فی الفور کارروائی کی جائے۔" | 25 اپریل 2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 186. | 29 | رانا ثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان پیمرا اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پرنٹ میڈیا میں نافذ نیوز پیپرز ایمپلائز ایکٹ کی طرز پر الیکٹرانک میڈیا کے صحافیوں اور کارکنوں کیلئے سروس سٹرکچر تشکیل دیا جائے۔ جس میں ان کی تنخواہوں، اوقات کار، میڈیکل الاؤنس سمیت تمام مراعات شامل ہوں۔<br>یہ ایوان روزنامہ خبریں، ڈیلی ٹائمز، چینل 5 اور چینل 7 سمیت دیگر پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ملازمین کی چھانٹیوں کے اقدامات اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ یہ ایوان سمجھتا ہے کہ پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا میں ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور تاخیر کا کلچر صحافت کے مقدس شعبے کی توہین اور ملازمین اور ان کی فیملیز کے ساتھ سخت ناانصافی اور ظلم ہے۔<br>یہ ایوان سمجھتا ہے کہ ایسے اقدامات سے نہ تو مثبت صحافت پنپ سکتی ہے اور نہ انصاف پر مبنی معاشرہ تشکیل دیا جاسکتا ہے۔ اس لئے یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ تمام ملازمین کو ان کی ملازمت پر بحال کیا جائے اور ان کی تنخواہوں و دیگر واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔" | 23 مئی 2017 |
| 187. | 29 | محترمہ شنیلہ روت (NM-371) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ عطائی معالج لوگوں میں موت بانٹنے میں مصروف ہیں اور ان کی وجہ سے کئی افراد معذور ہو چکے ہیں یا موت کے منہ میں چلے گئے ہیں۔ لہذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ صوبہ بھر میں عطائی معالجوں کے خلاف مزید ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور ان کے غیر قانونی کلینک بند کئے جائیں، نیز انہیں مروجہ قوانین کے تحت گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے۔" | 23 مئی 2017 |
| 188. | 29 | محترمہ نگہت شیخ (W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ بہاولپور میں سرکلر روڈ پر واقع ادویات کی مارکیٹ اور وکٹوریہ ہسپتال کے درمیان Overhead Bridge بنایا جائے تاکہ مریضوں کے لواحقین کو ادویات کی فراہمی میں سہولت میسر آسکے اور آئے روز ہونے والے حادثات میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر قابو پایا جاسکے۔" | 23 مئی 2017 |
| 189. | 29 | میاں محمود الرشید لیڈر آف اپوزیشن | " یہ ایوان مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض فوج کے ہاتھوں گزشتہ روز 12 مظلوم کشمیریوں اور کمانڈر سبزار بھٹ کی شہادت پر گہرے دُکھ اور رنج کا اظہار کرتا ہے۔ یہ ایوان شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور بھارتی حکومت کے ظلم و استبداد کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے نیز بھارت کو واضح پیغام دیتا ہے کہ پاکستان کے عوام ہر لحہ اپنے کشمیری بھائیوں کو حق خود ارادیت دلانے کے لئے ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ان کی اخلاقی و سیاسی حمایت جاری رکھیں گے۔<br>یہ ایوان حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیریوں پر بھارتی ظلم بند کروانے کے لئے اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عالمی اداروں بشمول UNO، OIC اور عالمی قوتوں کو کشمیریوں کی حالت زار کا نوٹس لینے کیلئے اپنا مزید مؤثر کردار ادا کرے۔" | 29 مئی 2017 |
| 190. | 31 | میاں محمود الرشید لیڈر آف اپوزیشن | " صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان میانمار کی حکومت اور فوج کی جانب سے روہنگیا مسلمانوں پر کئے جانے والے انسانیت سوز مظالم کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ ان مسلمانوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے غیر انسانی سلوک پر عالمی برادری اور عالمی اداروں کی خاموشی ناقابل فہم ہے۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ عالمی برادری، اسلامی ممالک کی تنظیم (OIC)، اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کمیشن اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں ان مظلوم مسلمانوں کی نسل کشی کا فوری نوٹس لیں اور ان کے ساتھ ہونے والے انسانیت سوز سلوک کو فی الفور رکوانے کے لئے فوری اقدامات کریں۔" | 11 ستمبر 2017 |
| 191. | 31 | جناب خلیل طاہر سندھو وزیر اقلیتی امور | " صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے پاکستان کے بارے میں حالیہ بیان کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان امریکی صدر ٹرمپ اور افغانستان میں امریکی فوج کے کمانڈر جنرل نکلسن کے پاکستان پر لگائے گئے الزامات کو حقائق کے منافی اور بے بنیاد قرار دیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ افغانستان میں امریکا کی ناکام پالیسی پر پاکستان کو مورد الزام ٹھہرانا ایک سنگین غلطی اور انتہائی ناانصافی ہے۔ یہ ایوان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی بے مثال قربانیوں کا اعتراف کرنے کی بجائے پاکستان پر الزام طرازی کو ایک سازش قرار دیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اس طرح کے بیانات خطے میں عدم استحکام کا باعث بنیں گے۔<br>یہ ایوان اس جنگ میں پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور انہیں اپنی بھرپور حمایت کا ایک بار پھر اعادہ کرتا ہے۔" | 11 ستمبر 2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 192. | 31 | جناب خلیل طاہر سندھو<br>وزیر اقلیتی امور | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان پاکستان کو ساتویں عالمی اور پہلی اسلامی ایٹمی قوت بنانے، سی پیک جیسے تاریخ ساز اور خطے کی تقدیر بدلنے والے منصوبے کے آغاز اور اس پر تیزی سے ہونے والے کام، دہشت گردی کے خاتمے اور ملک و قوم کی سلامتی اور بقا کے لئے نیشنل ایکشن پلان، آپریشن ضرب عضب اور آپریشن ردالفساد جیسے دلیرانہ فیصلے کرنے، توانائی کے بحران کے خاتمے کے لئے مختلف منصوبے بنانے پر پاکستان کے ہر دلعزیز قائد جناب محمد نواز شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے اور ان پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔<br>یہ ایوان اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے والے اور عالمی برادری میں باعزت مقام دلوانے والے مقبول عوامی راہنما کے خلاف ہونے والی ہر سازش کا قانونی اور سیاسی محاذ پر مقابلہ کیا جائے گا اور ملک میں جمہوریت کے خلاف ہونے والی سازش کو نہ صرف بے نقاب کیا جائے گا بلکہ سازشی عناصر کی مذموم سیاست کو بھی ہمیشہ کے لئے دفن کر دیا جائے گا۔<br>یہ ایوان ان عناصر کی سرگرمیوں کو ملکی سلامتی اور بقا کے منافی نیز عوام کی فلاح اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے مترادف تصور کرتا ہے۔ اس ایوان کی رائے ہے کہ جمہوریت کا تسلسل ہی ملکی ترقی اور سلامتی کا ضامن ہے۔" | 13 ستمبر 2017 |
| 193. | 31 | جناب خلیل طاہر سندھو<br>وزیر اقلیتی امور | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان جرمن نژاد پاکستانی ڈاکٹر روتھ فاؤ کے انتقال پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ ڈاکٹر فاؤ 1929 میں جرمنی میں پیدا ہوئیں اور 1960 میں پاکستان منتقل ہو گئیں۔ انہوں نے اپنی زندگی پاکستان میں جذام کے مریضوں کے علاج کے لئے وقف کر دی تھی اور وہ ان مریضوں کو مفت سہولیات فراہم کرتی تھیں۔ ڈاکٹر فاؤ نیشنل لیپریسی کنٹرول پروگرام پاکستان کی بانی سربراہ تھیں اور ایڈیلیڈ سوسائٹی آف پاکستان کی سربراہ بھی تھیں۔ انہوں نے پاکستان میں جذام کے مرض کے خاتمے میں کلیدی کردار ادا کیا اور ان کی کاوشوں سے 1996 میں پاکستان سے اس مرض کا خاتمہ ہو گیا۔ انسانیت کے لئے عظیم خدمات سرانجام دینے پر مرحومہ کو 1988 میں پاکستانی شہریت دی گئی۔ انہیں ہلال امتیاز، ستارہ قائداعظم، ہلال پاکستان سمیت دیگر اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ اس عظیم انسان دوست شخصیت کا 10۔ اگست 2017 کو 87 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی آخری رسومات سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔ دُکھی انسانیت کے لئے ان کی بے لوث خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔" | 14 ستمبر 2017 |
| 194. | 32 | میاں طارق محمود<br>(PP-113) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پنجاب کے گریڈ 5 تا 15 کے سرکاری ملازمین کی اپ گریڈیشن کی طرز پر گریڈ 16 اور 17 کے سرکاری ملازمین کی اپ گریڈیشن بھی کی جائے۔" | 17 اکتوبر 2017 |
| 195. | 32 | ڈاکٹر سید وسیم اختر<br>(PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ کھاد پر دی جانے والی سبسڈی کو برقرار رکھا جائے تاکہ کسان ملکی معیشت کی بہتری کے لئے اپنا کردار جاری رکھ سکیں۔" | 17 اکتوبر 2017 |
| 196. | 32 | چودھری محمد اقبال<br>(PP-98) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ بذریعہ ایکسپورٹ زرمبادلہ میں اضافہ کی خاطر زرعی اجناس خصوصاً چاول اور آلو کی ایکسپورٹ کے لئے دُنیا بھر میں پاکستانی سفارت خانوں میں متعین کمرشل اتاشیوں کے لئے ٹارگٹس فکس کئے جائیں اور انکی ترقی اور مراعات کو ان ٹارگٹس کے ساتھ منسلک کیا جائے۔" | 17 اکتوبر 2017 |
| 197. | 32 | ڈاکٹر نجمہ افضل خاں<br>(W-320) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں سرکاری و غیر سرکاری سکولوں میں طلباء و طالبات کے سالانہ طبی معائنہ کے لئے موثر قانون سازی کی جائے۔" | 24 اکتوبر 2017 |
| 198. | 32 | محترمہ نگہت شیخ<br>(W-347) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ پنجاب میں عطائیت، تعویذ گنڈے اور جادو ٹونہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور اس کی تشہیر پر مکمل پابندی عائد کی جائے نیز اس گھناؤنے کاروبار کو روکنے کیلئے موثر قانون سازی کی جائے۔" | 24 اکتوبر 2017 |
| 199. | 32 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان صحافی احمد نورانی سمیت دیگر صحافیوں پر نامعلوم افراد کی جانب سے کئے گئے حالیہ حملوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے اور انہیں آزادی صحافت پر حملہ تصور کرتا ہے۔ یہ ایوان ان حملوں کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ صحافیوں پر حملہ کرنے والوں کو فوری گرفتار کیا جائے اور انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔" | 30 اکتوبر 2017 |
| 200. | 33 | جناب محمد وحید گل<br>(PP-145) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ ہم مسلمان اللہ رب العالمین کو وحدہ لاشریک اور محمد رسول ﷺ کو آخری نبی ﷺ ہونے پر ایمان رکھتے ہیں اور ختم نبوت ﷺ کا دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور اس کا دفاع ہمارا ایمانی فریضہ ہے اور آئین پاکستان نے بھی اس کو مکمل تحفظ فراہم کیا ہے۔ اس لئے نسل نو کو عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی ضرورت و اہمیت کے عنوان سے باخبر رکھنے کے لئے مسلمان طلباء و طالبات کیلئے لازمی مضمون قرار دیا جانا لازم ہے۔ لہٰذا صوبائی اسمبلی کا یہ نمائندہ ایوان وفاقی اور صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے عنوان سے نصاب تعلیم میں مضمون شامل کیا جائے۔" | 24 نومبر 2017 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 201. | 34 | جناب خلیل طاہر سندھو، وزیر برائے انسانی حقوق | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 5۔ فروری 2018 کو یوم کشمیر کے موقع پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں گزشتہ 70 سال سے جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں پر فی الفور عمل درآمد کیا جائے اور مقبوضہ ریاست جموں وکشمیر کے شہریوں کو حق خودارادیت دیا جائے نیز وہاں سے بھارت کی قابض فوج کے انخلا کو یقینی بنایا جائے، کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔ کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے۔ یہ ایوان عالمی برادری سے بھی اپیل کرتا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا جائز حق خودارادیت دلوانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ یہ ایوان اپنے کشمیری بھائیوں کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے حصول تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔" | 5فروری2018 |
| 202. | 34 | جناب محمد سبطین خان (PP-46) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ شادی کی تقریبات کے موقع پر آتش بازی اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔" | 6فروری2018 |
| 203. | 34 | ڈاکٹر سید وسیم اختر (PP-271) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ سپیڈو بس سروس میں بزرگ اور معذور افراد کو مفت سفر کی سہولت فراہم کی جائے۔" | 6فروری2018 |
| 204. | 34 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ موسمی انفلوئنزا کے جان لیوا اور مہلک وائرس کے بارے میں صوبہ بھر میں آگاہی مہم چلائی جائے۔" | 6فروری2018 |
| 205. | 34 | راناثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان ممتاز قانون دان عاصمہ جہانگیر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور ان کے غمزدہ خاندان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔<br>مرحومہ نہایت نڈر اور جرات مند وکیل رہنما ہونے کے ساتھ ساتھ فعال سماجی کارکن اور انسانی حقوق کی علمبردار بھی تھیں۔ مرحومہ کو سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی صدر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ان کی زندگی دستور کی بالادستی، قانون کی پاسداری، اصولوں کی حکمرانی اور جمہوری اقدار کی سربلندی کے لئے جدوجہد میں گزری، جس پر حکومت پاکستان نے انہیں ہلال امتیاز بھی عطا کیا تھا۔ ان کی خدمات کو نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔<br>یہ ایوان ان کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے۔" | 16فروری 2018 |
| 206. | 34 | محترمہ حناء پرویز بٹ (W-353) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ دودھ کی پیداوار بڑھانے کے لئے تمام دودھ دینے والے جانوروں خصوصاً گائے، بھینس، بھیڑ، بکری اور اُونٹنی کو لگائے جانے والے ممنوعہ انجکشن کے استعمال کے خلاف فی الفور کارروائی کی جائے۔" | 20فروری2018 |
| 207. | 34 | جناب رمیش سنگھ اروڑہ (NM-368) | "یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اراکین قومی اسمبلی کی طرز پر صوبائی اسمبلی پنجاب کے اراکین کو جاری ہونے والے سرکاری پاسپورٹ کی مدت تاحیات کی جائے۔" | 20فروری2018 |
| 208. | 34 | راناثناء اللہ خاں، وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان قومی احتساب بیورو (نیب) کی جانب سے بنیادی انسانی حقوق سے متصادم اور انسانی وقار کے منافی کی جانے والی تمام کارروائیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ آئین پاکستان شرف انسانی کو نہ صرف قابل حرمت قرار دیتا ہے بلکہ اسے یقینی بنانے کی ضمانت بھی دیتا ہے۔ نیب کی طرف سے اعلیٰ سرکاری افسران کو ہراساں کئے جانے، ان کی تضحیک، بعد از گرفتاری میڈیا پر باقاعدہ تشہیر اور ماورائے عدالت کردار کشی، غیر قانونی اور غیر اخلاقی اقدام ہیں۔<br>یہ ایوان پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ ہر ادارہ بشمول قومی احتساب بیورو بنیادی انسانی حقوق، شرفِ انسانی، اخلاقی اقدار اور سب سے بڑھ کر آئین پاکستان کی پاسداری کو یقینی بنائے۔ اس ضمن میں وفاقی حکومت سے پُرزور سفارش کی جاتی ہے کہ اس معاملے کو مجلس شوریٰ میں زیر بحث لائے جانے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔ مزید برآں قومی احتساب بیورو آرڈیننس 1999 میں ایسی ترامیم کی جائیں جن سے غیر قانونی اختیارات کے استعمال کا سدباب ہو سکے۔ خصوصی طور پر پلی بارگین (plea bargain) کی شق حذف کی جائے کیونکہ مذکورہ شق کا عملی مقصد ہمیشہ رشوت خوری اور بدعنوانی کرنے والے افراد کو محفوظ راستہ فراہم کرنے کے علاوہ اور کچھ نہ رہا ہے۔" | 28فروری2018 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 209. | 34 | جناب آصف محمود<br>(PP-9) | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان، اقوام متحدہ کی جانب سے جنگ بندی کی قرارداد پر اتفاق کے باوجود ملک شام میں عام شہریوں پر کی جانے والی بمباری کی پُر زور مذمت کرتا ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں سے جاری اس بمباری میں سینکڑوں بے گناہ شامی شہری جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں۔ یہ قتل عام نہ صرف جنگی جرائم بلکہ انسانیت کے خلاف جرائم کے زمرے میں آتا ہے۔<br>یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس معاملے کو اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں اور اسلامی ممالک کی تنظیم کے پلیٹ فارم پر اٹھایا جائے تاکہ ملک شام کے معصوم شہریوں کے قتل عام کو رکوانے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔" | 5مارچ2018 |
| 210. | 34 | محترمہ حناء پرویز بٹ<br>(W-353) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پانی کے بحران کو حل کرنے کیلئے فزیبلٹی کے مطابق فی الفور بڑے سٹوریج قائم کئے جائیں۔" | 6مارچ2018 |
| 211. | 34 | محترمہ نبیلہ حاکم علی خان<br>(W-358) | "یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایل ڈی اے کی طرف سے ڈکلیئر کی گئی کچی آبادیوں کے رہائشیوں کو پالیسی کے مطابق فوری مالکانہ حقوق دیئے جائیں۔" | 6مارچ2018 |
| 212. | 34 | شیخ اعجاز احمد(PP-68) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ کے تعلیمی اداروں میں ڈی جے نائٹس (D J Nights) کا اہتمام کیا جاتا ہے جو مغربی ثقافت کو فروغ دینے کی ایک گھناؤنی سازش ہے ان سرگرمیوں سے ہمارے طلباء وطالبات بے راہ روی کا شکار ہو رہے ہیں اور یہ ہماری مشرقی ثقافت اور نظریہ پاکستان کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ تعلیمی اداروں کے سربراہان کی جانب سے مجرمانہ خاموشی بھی سوالیہ نشان ہے۔ لہذا اس ایوان کی رائے ہے کہ اس قسم کی تقریبات پر مستقل پابندی عائد کی جائے تاکہ نوجوان نسل کو اخلاقی تباہی سے بچایا جاسکے۔" | 14مارچ2018 |
| 213. | 34 | ڈاکٹر نوشین حامد<br>(W-356) | "اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب کے تمام تعلیمی اداروں کے طلباء بالخصوص ذہنی معذور بچوں پر ہونے والے تشدد کی روک تھام کے لئے موثر قانون سازی کے ذریعے جامع اقدامات کئے جائیں۔" | 14مارچ2018 |
| 214. | 34 | رانا ثناءاللہ خاں،<br>وزیر قانون | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان کل 14 مارچ 2018 کو رائیونڈ لاہور میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اس واقعے میں پنجاب پولیس کے افسران اور جوانوں سمیت متعدد افراد شہید اور زخمی ہوئے۔ یہ ایوان ان شہید افسران اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے بے شمار زندگیوں کو بچالیا اور قومی فریضے کی سرانجام دہی میں جامِ شہادت نوش کیا۔ یہ ایوان اِن شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دُعاگو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتا ہے اور تمام زخمی افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دُعاگو ہے۔<br>یہ ایوان، اِس طرح کے واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور دہشت گردی کے ذمہ دار تمام افراد، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما سیکورٹی فورسز، پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کی جلد کامیابی کی دُعا کرتا ہے۔" | 15مارچ2018 |
| 215. | 34 | میاں محمود الرشید<br>لیڈر آف اپوزیشن | "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان گزشتہ کچھ دنوں سے بھارت میں پاکستانی سفارتکاروں کو ہراساں کرنے کے مسلسل واقعات کی پُرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ ایسے واقعات نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ بین الاقوامی سفارتکاری کے اصولوں اور آداب کے بھی یکسر منافی ہے۔<br>یہ ایوان حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ یہ معاملہ بین الاقوامی اداروں کے فورمز پر اٹھایا جائے تاکہ بھارت کا اصلی چہرہ بے نقاب ہوسکے اور عالمی برادری بھارت کو ان واقعات سے روکنے کے لئے اس پر دباؤ ڈال سکے۔" | 16مارچ2018 |

| قرارداد نمبر | اجلاس نمبر | محرک | متن قرارداد | تاریخ منظوری |
|---|---|---|---|---|
| 216. | 36 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "مورخہ 16 مئی 2018 کو بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کئے جانے والے آپریشن کے دوران ملٹری انٹیلی جنس کے کرنل سہیل عابد اور ہیڈ کانسٹیبلثناء اللہ شہید اور تین جوان زخمی ہوگئے۔ آپریشن ردالفساد کے تحت سیکورٹی فورسز کے اس آپریشن میں دوخودکش بمباروں سمیت تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے جن میں پولیس اہلکاروں اور ہزارہ برادری کے ایک سو افراد کو قتل کرنے والا دہشت گرد سلمان بادینی بھی شامل ہے۔<br>صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان شہید کرنل سہیل عابد اور ہیڈ کانسٹیبلثناء اللہ کی شجاعت پر ان کو شاندار خراج عقیدت پیش کرتا ہے اور ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعا گو ہے اور ان کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کرتا ہے نیز زخمی ہونے والے جوانوں کی جلد صحتیابی کے لئے بھی دُعا گو ہے۔<br>یہ ایوان، اس طرح کے واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے اور دہشت گردی کے ذمہ دار تمام افراد، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کے خلاف نبرد آزما سیکورٹی فورسز، پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کی جلد کامیابی کی دُعا کرتا ہے۔" | 17 مئی 2018 |
| 217. | 36 | رانا ثناء اللہ خاں،<br>وزیر قانون | "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان اس امر پر اظہار مسرت کرتا ہے کہ پاکستان میں جمہوری تقاضوں کے مطابق موجودہ اسمبلیاں اپنی آئینی مدت پوری کر رہی ہیں۔<br>یہ ایوان موجودہ پنجاب حکومت کی پانچ سالہ کارکردگی پر اپنے مکمل اطمینان کا اظہار کرتا ہے۔ یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران پاکستان کے تمام صوبوں کے مقابلے میں صوبہ پنجاب کی کارکردگی سب سے بہتر رہی ہے۔ حکومت پنجاب نے عوام الناس کی فلاح اور بہبود کے لئے بے شمار عوامی منصوبے شروع کئے جن سے عوام کا معیار زندگی بلند ہوا۔ پاکستان مسلم لیگ (نواز) کے صدر اور وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی انتھک، دیانتدارانہ اور مخلص قیادت میں حکومت پنجاب کی گزشتہ پانچ سال کی ترقی کو دُنیا بھر میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور عالمی سطح پر اس کی مثال دی جاتی ہے۔<br>وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کی زیر قیادت، پنجاب اسمبلی نے تاریخ ساز قانون سازی کرتے ہوئے 191 قوانین کی منظوری دی جو ایک ریکارڈ ہے اور پاکستان کی تمام اسمبلیوں میں سب سے زیادہ تعداد ہے۔ پنجاب اسمبلی کی شاندار کارکردگی کا سہرا، قائد ایوان اور کابینہ کے علاوہ سپیکر پنجاب اسمبلی، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی، قائد حزب اختلاف کے ساتھ ساتھ تمام اراکین اسمبلی اور اسمبلی سٹاف کو جاتا ہے۔<br>یہ ایوان پاکستان مسلم لیگ (نواز) کے قائد میاں نواز شریف اور پاکستان مسلم لیگ (نواز) کے صدر میاں شہباز شریف کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اعادہ کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار بھی کرتا ہے کہ ان کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (نواز) آئندہ بھی عوامی خدمت کے اس عمل کو آگے بڑھاتی رہے گی۔<br>یہ ایوان پاکستان مسلم لیگ (نواز) کے قائد میاں نواز شریف کے حالیہ بیان کو اپنے معنی پہنا کر بھارتی میڈیا کی ہرزہ سرائی کی مذمت کرتا ہے اور اس ہرزہ سرائی سے متاثر ہو کر اپنی سیاسی دکانداری چمکانے اور میاں نواز شریف کی عوامی مقبولیت سے خوفزدہ مخصوص لابی کی طرف سے منفی مہم جوئی کو یکسر مسترد کرتا ہے اور پُرزور الفاظ میں اس کی مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان پاکستانی عوام کے محبوب، محب وطن، ایٹمی پاکستان کے خالق اور معاشی طور پر مضبوط پاکستان کے مستقبل کے منصوبے سی پیک کے معمار، میاں محمد نواز شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔<br>یہ ایوان آئندہ انتخابات 2018 کے بروقت، منصفانہ، شفاف اور آزادانہ انعقاد پر زور دیتا ہے نیز الیکشن کمیشن آف پاکستان اور تمام متعلقہ اداروں سے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اُمید کرتا ہے کہ پاکستان ایک جمہوری پاکستان کے طور پر آگے بڑھے گا۔ انشاء اللہ" | 17 مئی 2018 |